


آل دی بیسٹ
فرانسیسی
(بول چال)


آل دی بیسٹ
فرانسیسی
(بول چال)
ترتیب و تالیف

سی ڈی کے ساتھ

آل دی بیسٹ فرنچ

ALL THE BEST FRENCH

(For All Levels)

تحریر و تالیف: شیراز علی مسکراہٹ

By:

Sheraz Ali Muskrahat

(Columnist, Novelist & Poet)

خط لکھنے اور مزید مدد حاصل کرنے کا پتہ۔ (جوابی لفافہ بھی ارسال فرمائیں)

"شیراز علی مسکراہٹ" پی او بکس نمبر 827 جی پی او۔ لاہور

ویب سائٹ: www.HelloUrdu.com

آفیشل ای میل: Sheraz@HelloUrdu.com

E-Mail: Sheraz_Muskrahat@Yahoo.com

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

ہماری کتابیں، معیاری کتابیں
خوبصورت اور کم قیمت کتابیں

ناشر: مشتاق احمد
اہتمام: سلمان احمد

نام کتاب	☆	آل دی بیسٹ فرینڈ
مصنف	☆	تیرا دل مسکراہٹ
مطبع	☆	اسد شبیر پرنٹرز لاہور
کمپوزنگ	☆	گل گرافکس
ٹائٹل	☆	عاطف بٹ
تعداد	☆	600
اشاعت	☆	2009ء
قیمت	☆	-/150 روپے

کتاب ہذا میں اگر کہیں کوئی کمپوزنگ یا طباعت کی غلطی رہ گئی ہو تو
براہ کرم ادارے کو اس کی نشاندہی کر کے شکریہ ادا کرنے کا موقع فراہم کریں

انتساب

میں نے تھوڑے وقت میں جن سے بہت کچھ سیکھا
اور یہ عمل انشاء اللہ جاری رہے گا۔ میرے ایک کبھی نہ بجھنے
والے چراغ کی مانند استاد

★جناب محمد صابر خان★

کی مسکراہٹوں کے نام

شیراز علی مسکراہٹ

Website: www.HelloUrdu.Com

E-Mail: Sheraz@HelloUrdu.com

E-Mail: Sheraz_Muskrahat@yahoo.com

اپنی مسکراہٹیں......!

فرانس ایک ترقی یافتہ ملک ہے یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر سے لوگ روزگار اور تعلیم حاصل کرنے کے لئے فرانس کا رُخ کرتے ہیں۔ فرانس ہو یا پھر کوئی دوسرا ملک، ہر غیر ملکی کو کسی دوسرے ملک جا کر اسی ملک کی زبان بولنی پڑتی ہے۔ اسی لئے ہر اس فرد کو خواہ وہ روزگار کی تلاش میں فرانس جا رہا ہو یا پھر تعلیم حاصل کرنے یا پھر محض سیر و سیاحت کی غرض سے جا رہا ہو، اس کو وہاں رہنے کے لئے فرانسیسی زبان ضرور آنی چاہئے ورنہ زبان نہ جاننے کی وجہ سے بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

قارئین اکرام...... اس سے پہلے بھی مشتاق بک کارنر کی طرف سے فرانسیسی کی کتاب تیار کی گئی تھی مگر وہ سیاحتی مقاصد پورے کرتی تھی۔ میری یہ خواہش تھی کہ آپ کو فرانسیسی گرامر اور لغت کے اصول وغیرہ سے لبریز کر سکوں تو اس کیلئے اس کتاب میں ابتدائی طالب علموں سے لے کر ہائی لیول اسٹڈی کرنے والے طلباء سب کیلئے مواد رکھا گیا ہے اور تفصیلاً ہر چیز کو اصول اور مثالیں بنا بنا کر بیان کیا گیا ہے تا کہ بہتر نتائج حاصل ہو سکیں۔

اس کتاب کا مقصد فرانسیسی زبان سیکھنے والے طالب علموں کو ہر ممکن حد تک رہنمائی فراہم کرنا اور فرانس وغیرہ جانے والے حضرات کے لئے وہاں رہنے میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ سب سے پہلے فرانسیسی حروف تہجی سکھائے گئے ہیں۔ پھر اس کے بعد فرانسیسی گرامر کو تفصیلاً سکھایا گیا ہے جس سے آپ کو فرانسیسی گرامر سمجھنے میں دقت نہ ہو گی۔ فرانسیسی گرامر سکھاتے وقت تھیوری کیساتھ ساتھ جملے بنا بنا کر وضاحت کی گئی ہے۔ پھر بالترتیب الفاظ متضاد، فرانسیسی گنتی، وقت، مہینے، ہفتہ کے دن، موسم وغیرہ بھی اس کتاب میں دے دیے گئے ہیں۔

فرانس وغیرہ جانے والے افراد کے لئے اس کتاب میں روز مرہ استعمال ہونے والے الفاظ کے ساتھ ساتھ بہت سے ایسے جملے بھی رکھ دیے گئے ہیں جو مختلف

مواقعوں پر استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ چونکہ ہمارا مقصد آپ کو ایک اچھی کتاب فراہم کرنا تھا اس لئے اس کتاب میں بہت سے فرانسیسی الفاظ مع اردو تلفظ و معنی بھی رکھ دیے گئے ہیں تاکہ آپ دو دو کتابوں کو خریدنے کی بجائے صرف ایک ہی کتاب میں اپنی ضرورت کی چیزیں حاصل کر سکیں۔ آخر میں فرانسیسی اور انگریزی زبان کے ایک جیسے الفاظ پر مشتمل لغت بھی تلفظ اور ایک سے زائد اردو معنی کے ساتھ دے دی گئی ہے۔ امید ہے اس سے آپ کو فرانس میں رہنا بہت آسان ہو جائے گا۔

کسی بھی کتاب کو لکھتے وقت میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ آپ کو مفید سے مفید تر چیزیں فراہم کروں، یہی وجہ ہے کہ میں نے زبانوں پر جتنی بھی کتابیں لکھی ہیں ان کے لئے میں نے ویب سائٹ اور سوفٹ ویئر بھی بنائے ہیں۔ اس کی تفصیل جاننے اور کسی بھی قسم کی مدد حاصل کرنے کے لئے آپ مجھے ای میل کر سکتے ہیں یا میری ویب سائٹ سے مدد لے سکتے ہیں۔ سی ڈی کیلئے صرف مجھ سے ہی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ مارکیٹ میں دستیاب نہیں

آخر میں اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ آپ کے سفر کو کامیاب بنائے اور آپ کو ترقی کی تمام راہوں میں کامیابیوں کے سلسلے عطا فرمائے، اجازت چاہتا ہوں۔ اپنا، اپنے ماں باپ اور اردگرد کے تمام جانداروں کی مسکراہٹوں کا خیال رکھیں اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ آپ کا اپنا:

شیراز علی مسکراہٹ

SHERAZ ALI MUSKRAHAT

خط لکھنے اور مزید مدد حاصل کرنے کا پتہ۔ (جوابی لفافہ بھی ارسال فرمائیں)

"شیراز علی مسکراہٹ" پی او بکس نمبر 827 جی پی او۔ لاہور

ویب سائٹ: www.HelloUrdu.com

آفیشل ای میل: Sheraz@HelloUrdu.com

E-Mail: Sheraz_Muskrahat@Yahoo.com

فہرست

فرانسیسی حروف تہجی

تعارف:

یہ فرانس کے علاوہ اٹلی، سوئٹزر لینڈ، کینیڈا، امریکہ اور کئی دوسرے ممالک میں بھی بڑے پیمانے پر بولی جاتی ہے۔ بہت سے ممالک میں طالب اپنے نصاب میں فرانسیسی زبان ضرور رکھتے ہیں۔ فرانسیسی ادب بھی بہت قدیم و وسیع ہے اور ادب میں سب سے زیادہ نوبل پرائز بھی فرانس ہی کے حصہ میں آتے ہیں۔ علاقے مختلف ہونے کی وجہ سے تلفظ میں بھی تھوڑا بہت فرق موجود ہے۔ فرانسیسی زبان کے حروف لکھنے (اسکرپٹ) میں بالکل انگریزی ہی کی طرح ہیں تاہم ان کا تلفظ انگریزی زبان سے مختلف ہے۔ فرانسیسی حروف تہجی مندرجہ ذیل ہیں۔ نئے قارئین کے لئے پہلے ٹیبل میں صرف حروف دیئے گئے ہیں جبکہ دوسرے ٹیبل میں ان کا تلفظ بھی دیا گیا ہے۔

حروف تہجی

A,a	B,b	C,c	D,d	E,e	F,f	G,g
H,h	I,i	J,j	K,k	L,l	M,m	N,n
O	P	Q	R	S	T	U,u
	V,v	W,w	X,x	Y,y	Z,z	

☆☆===☆===☆☆

نوٹ:

فرانسیسی زبان میں حرف d کی آواز "ڈ" اور t کی آواز "ٹ" ہوگی۔

آں، آن، ایں، این:

☆ حروف علت کے بعد n نون غنہ کی سی آواز پیدا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر:

☆ an کی آواز "آں"　☆ in کی آواز "ایں"

☆ un کی آواز "آں"　☆ en کی آواز "آں"

☆ on کی آواز "اوں" ہے۔

☆ ain, ein کی آواز بھی ایں ہے۔

اگر n کے بعد بھی کوئی حرف علت آرہا ہو تو پھر اس کی آواز "ن" ہوگی نہ کہ "ں" جیسے: ane کا تلفظ "آن" ہوگا۔ اسی طرح اگر فرض کریں eine وغیرہ ہو تو پھر اس کا تلفظ این ہوگا نہ کہ "ایں"۔

☆☆===☆===☆☆

E کی مختلف آوازیں:

☆É "اے" کی آواز۔

☆È "اے" کی سی درمیانی آواز۔

☆Ê "اے" کی سی لمبی آواز۔

☆☆☆

☆Ç یہ حرف آنے کی صورت میں آواز ہمیشہ "س" رہے گی۔

☆Â "آ" کی سی آواز۔

☆☆☆

بے آواز حروف:

☆E, S, T, X اگر کے آخر میں کوئی آواز پیدا نہیں کرتے۔

☆E کے بعد Z اور R کی بھی آواز نہیں ہوتی۔

☆☆☆

FRENCH GRAMMAR

فرانسیسی گرامر

☆☆☆☆☆☆☆

خط لکھنے اور مزید مدد حاصل کرنے کا پتہ۔ (جوابی لفافہ بھی ارسال فرمائیں)

"شیراز علی مسکراہٹ" پی او بکس نمبر 827 جی پی او۔ لاہور

سوفٹ ویئرز، سی ڈیز، ڈیجیٹل ڈکشنریاں اور تلفظ کی آوازوں کیلئے اور مصنف کی دیگر تمام کتابوں کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے:

بذریعہ انٹرنیٹ (Internet)

آفیشل ویب سائٹ: www.HelloUrdu.com
آفیشل ای میل: Sheraz@HelloUrdu.com
دیگر
E-Mail: Sheraz_Muskrahat@Yahoo.com
Sheraz.Muskrahat@Gmail.com

فرانسیسی حروفِ تنکیر

(French Articles)

تعریف:

انگریزی کے a , an اور the کی طرح فرانسیسی میں بھی چند حروفِ تنکیر استعمال کیے جاتے ہیں جن کا استعمال اسم سے پہلے کیا جاتا ہے۔ اس سے اسم کی جنس کی بھی پہچان ہو جاتی ہے کہ وہ مذکر ہے یا مونث اور واحد ہے کہ جمع۔ یہ معین اور غیر معین دونوں اقسام رکھتے ہیں۔ بہر حال پہلے معین حروفِ تنکیر بیان کیے جا رہے ہیں۔

مذکر واحد کیلیے: (معین)

مذکر اسم کے ساتھ le استعمال کیا جاتا ہے۔ جو کہ انگریزی کے "the" کے برابر ہے۔ مثلاً

the boy	le garçon	لڑکا

مونث واحد کیلیے: (معین)

مونث اسم کے ساتھ la فرانسیسی حرفِ تنکیر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بھی انگریزی کے حرفِ تنکیر the کے برابر ہے۔

the girl	la fille	لڑکی

مذکر و مونث جمع کیلیے: (معین)

مذکر و مونث دونوں طرح کے اسم کو جمع بنانے کیلیے les استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر:

the boys	les garçons	لڑکے
the girls	les filles	لڑکیاں

le اور la کیلئے اہم اصول:

اگر ان دونوں حروف تنکیر سے اگلا لفظ یعنی اسم کسی حرف علت (a,e,io,u) سے شروع ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں صرف 'l' استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر:

les enfants	بچے	l'enfant	بچہ
les heures	گھنٹے	l'heure	گھنٹہ

☆

معین حروف تنکیر کے استعمالات:

☆ اسم سے پہلے۔ جس سے مذکر و مونث اور واحد و جمع کی پہچان بھی کی جاتی ہے۔

☆ جسم کے حصوں کے بارے میں بتاتے وقت ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔

میں اپنے ہاتھ اور چہرہ دھو رہا ہوں۔

Je me lave les mains et la figure.

☆ کسی ملک یا قوم وغیرہ کی زبان کے بارے میں بتاتے وقت:

SAM comprend le Russe. سیم روسی زبان سمجھتا ہے۔

☆ کسی کا عہدہ یا مقام (شعبہ میں) بیان کرتے وقت:

Le professeur SAM arrive. پروفیسر سیم آ رہے ہیں۔

☆ تاریخ اور ہفتہ کے دنوں کے دوران:

Nous ne travaillons pas le samedi. ہم ہفتہ کو کام نہیں کرتے ہیں۔

C'est aujourd'hui le 10 mai 2008. آج 10 مئی 2008ء ہے۔

☆ ان کا استعمال موسموں کے ناموں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

L'hiver est très long en Pakistan. پاکستان میں سرما بہت لمبا ہوتا ہے۔

☆

غیر معین حروف تنکیر

انگریزی کے غیر معین حروف تنکیر one, an, a ہیں۔ اسی طرح فرانسیسی میں بھی دو غیر معین حروف تنکیر موجود ہیں جو مذکر اور مونث سے پہلے استعمال کیے جاتے ہیں۔

واحد مذکر اور مونث کیلئے:

☆ مذکر کے ساتھ: un استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ مونث کے ساتھ: une استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

a man	un homme	ایک آدمی
a woman	une femme	ایک عورت

☆

جمع مذکر و مونث کیلئے:

مذکر و مونث دونوں کو جمع بناتے وقت صرف اور صرف "des" استعمال کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

تخصیصی حروف تنکیر:

کچھ الفاظ یا اسم ایسے ہیں جن کو گنا نہیں جا سکتا جیسے، پانی، طاقت، صبر وغیرہ انگریزی یا اردو میں تو ان کے لئے کوئی علیحدہ سے حرف تنکیر استعمال نہیں کرنا پڑتا مگر فرانسیسی میں اس مقصد کیلئے چند حروف تنکیر استعمال کرنے پڑتے ہیں۔

مذکر واحد کیلئے:

☆ اس کیلئے du (du le) استعمال کیا جاتا ہے۔

مونث واحد کیلئے:

☆اس کیلئے de la استعمال کیا جاتا ہے۔

مذکر و مونث جمع کیلئے:

اس کیلئے de les استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

salt	du sel	نمک
flour	de la farine	آٹا
water	de l'eau	پانی

☆

یاد رکھیں!

اگر حرف تنکیر سے اگلا لفظ کسی بھی حرف علت (vowel) سے شروع ہو رہا تو اسی صورت میں حرف تنکیر جیسے la یا le کے لئے صرف 'l' لکھا جائے گا۔

☆☆☆

اسماء (Nouns)

تعریف:

کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر:
وسیم کھیلتا ہے۔ رابعہ پڑھتی ہے۔ آسمان صاف ہے۔
ان جملوں میں، وسیم۔ رابعہ اور آسمان اسماء ہیں۔

☆

فرانسیسی اسماء کے اصول:

فرانسیسی زبان میں اسم کی دو اقسام مذکر اور مونث ہیں۔ یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ انگریزی اور اردو کے برعکس فرانسیسی میں بہت سے مذکر اسماء ہیں جو کہ اردو یا انگریزی میں اس کے الٹ ہیں۔ کون سا اسم مذکر ہے اور کون سا مونث اس کو پہچاننے کے سب سے آسان طریقہ حروف تنکیر ہیں جو اسماء کے ساتھ ضرور استعمال کیے جاتے ہیں۔

پہلا اصول:

فرانسیسی میں مذکر سے مونث بنانے کا عام کلیہ یہ ہے کہ مذکر اسم کے آخر میں e لگا دیا جاتا ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ ہر وہ اسم جس کے آخر میں e ہو یا e لگا دیا جائے وہ مونث بن جائے۔

مثال:

مذکر	مونث (e لگانے کے بعد)
un ami	une amie
دوست	سہیلی

دوسرا اصول:

ایسے اسماء جن کا اختتام el اور eau پر ہو رہا ہو ان کو مونث بنانے کیلئے ان el یا eau کو ختم کر کے elle لگا دیا جاتا ہے۔

مثال:

une chamelle۔ اونٹنی	un chameau۔ اونٹ

تیسرا اصول:

اگر کسی اسم کا اختتام en یا on پر ہو رہا ہو تو ایسے اسم کو مونث میں تبدیل کرنے کیلئے اس میں ne کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

une gardienne محافظ	un gardien محافظ

چوتھا اصول:

اگر اسم کا اختتام an یا in یا lan پر ہو رہا ہو تو اسے مونث بنانے کیلئے اس کے آخر میں ne نہیں لگایا جاتا ہے بلکہ صرف e کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

une gitane خانہ بدوش عورت	un gitan خانہ بدوش مرد

پانچواں اصول:

☆☆ ایسے اسماء جن کا اختتام t یا et پر ہو رہا ہو انہیں مونث بنانے کیلئے ان کے آخر میں te کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثال

une cadette۔ چھوٹی بیٹی	un cadet۔ چھوٹا بیٹا

چھٹا اصول:

ایسے اسماء جن کے آخر میں at یا ot آ رہا ہو انہیں مونث بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف e کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

une avocate وکیل (عورت)	un avocat وکیل (مرد)

نوٹ:

مندرجہ ذیل اسماء ایسے ہیں جن کیلئے پانچواں اصول ہی استعمال ہوگا۔

chat / chatte; linot / linotte; sot / sotte

ساتواں اصول:

اگر کسی اسم کا اختتام er پر ہو رہا ہو تو اسے مونث بنانے کیلئے اس کے er کو ère سے بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

une jardinière مالن	un jardinier مالی

آٹھواں اصول:

اگر اسم کا اختتام s یا x پر ہو رہا ہو تو اسے مونث میں بدلنے کیلئے s یا x کی جگہ se لگایا جاتا ہے۔

مثال:

une épouse بیوی	un époux خاوند

نواں اصول:

اگر اسم کے آخر میں f آرہا ہو تو اس کو ve کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

une veuve بیوہ	un veuf رنڈوا

دسواں اصول:

اگر اسم کا اختتام eur پہ ہو رہا ہو تو اس کو مونث بنانے کیلئے اس اسم کے eur کو euse کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

une joueuse کھلاڑی (عورت)	un joueur کھلاڑی (مرد)

☆ بعض ایسے اسم جن کا اختتام teur یا deur پہ ہو رہا ہو ان کو trice کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے

une actrice اداکارہ	un acteur اداکار

گیارہواں اصول:

ایسے مذکر اسماء جن کا اختتام e پہ ہو رہا ہو ان کو مونث بنانے کیلئے ان کے آخر میں esse لگایا جاتا ہے۔

مثال:

une traîtresse غدار عورت	un traître غدار مرد

واحد جمع بنانا (Singular-Plural)

فرانسیسی اسم کی جمع:

اگر آپ نے اسماء (Nouns) کا سبق پوری توجہ سے سیکھا ہے تو پھر واحد سے جمع بنانے میں آپ کو مشکل پیش نہیں آئے گی۔ مندرجہ ذیل اصول ملاحظہ فرمائیں۔

پہلا اصول: (عام طریقہ)

انگریزی کی طرح فرانسیسی میں بھی اسم کے آخر میں s لگادینے سے وہ واحد سے جمع بن جاتا ہے۔ لیکن یاد رکھئے کہ واحد سے جمع بنانے کی صورت میں حرف تنکیر بھی بدلے گا۔ وضاحت کیلئے سبق دیکھئے (حروف تنکیر)۔

مثال:

des pommes(زیادہ)سیب	une pomme ایک سیب
des fruits(زیادہ)پھل	un fruit ایک پھل

دوسرا اصول:

ایسے اسماء جن کا اختتام z, x, s پر ہو یا ان کو جمع بنانے کیلئے کسی بھی قسم کی کوئی کمی بیشی نہیں کی جائے گی بلکہ ایسے اسماء جوں کے توں ہی رہیں گے۔

مثالیں:

جمع	واحد
des souris۔چوہے	une souris۔چوہا
des voix۔آوازیں	une voix۔آواز
des nez(زیادہ)ناک	un nez۔ناک

تیسرا اصول:

ایسے اسماء جن کا اختتام al پر ہو رہا ہو انہیں جمع بنانے کیلئے al کو aux کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

un cheval گھوڑا	des chevaux گھوڑے

☆ تاہم چند اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں صرف s کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

مثال:

un bal(واحد)ناچ	des bals(جمع)ناچ

چوتھا اصول:

ایسے واحد اسماء جن کا اختتام au, eu eau میں سے کسی پر ہو رہا ہو، انہیں جمع بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف x کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

واحد	جمع
un tuyau۔جراب	des tuyaux۔جرابیں
un feu۔آگ	des feux۔آگ
un cadeau۔تحفہ	des cadeaux۔تحائف

☆ تاہم کچھ واحد اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں صرف s کا اضافہ کرنا پڑتا ہے۔ جیسے

un pneu ٹائر	des pneus ٹائروں

پانچواں اصول:

ایسے اسماء جن کے آخر میں ail آ رہا ہو انہیں جمع بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف s کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

des chandails سویٹر (زیادہ)	un chandail سویٹر (واحد)

چھٹا اصول:

ایسے اسماء جن کے آخر میں ou آ رہا ہو ان کو جمع بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف s کا اضافہ کر دیا جاتا ہے تاہم چند اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں x کا اضافہ کرنا پڑتا ہے۔

مثالیں:

des fous پاگل آدمیوں	un fou پاگل آدمی

x کے ساتھ:

جمع	واحد
bijoux۔زیورات	bijou۔زیور
cailloux۔پتھروں	caillou۔پتھر
genoux۔گھٹنوں	genou۔گھٹنا
joujoux۔کھلونے	joujou۔کھلونا

☆☆☆

فرانسیسی ضمائر (French Pronouns)

تعریف

Pronoun وہ لفظ ہے جو کسی اسم (noun) کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے۔

Subject Pronouns

ایسا اسم ضمیر جس میں کسی شخص یا چیز کا پتہ چلے۔
فرانسیسی ضمائر مندرجہ ذیل ہیں۔

فرانسیسی	انگریزی	تلفظ	معنی
Je/ j'	I	ژو	میں
tu	you	تو (ٹو)	تم
il, elle	he, she	اِل، ایل	وہ (مرد)۔وہ (عورت)
nous	we	نو	ہم
vous	you people	وو	آپ
ils, elles	they	اِل، ایل	وہ (زیادہ)

☆ یاد رکھیں:

☆ j' کا استعمال صرف اس وقت کیا جاتا ہے جب اس سے اگلا لفظ کسی حرف علت یا h سے شروع ہو رہا ہو۔

☆ فرانسیسی میں تم کہنے کے دو طریقے ہیں یعنی اسماء ضمیر ہیں۔ جس میں شائستگی کو اختیار کیا جاتا ہے۔ یعنی دوستوں وغیرہ کیلئے تو ''تم'' کا استعمال ہوتا ہے مگر بزرگوں یا محترم شخصیات کیلئے ''آپ'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ ils کا استعمال مذکر جبکہ elles کا استعمال مونث کیلئے کیا جاتا ہے۔

French Direct Object Pronouns

واحد:

me/ m'	me	مو	مجھے
te	you	تو	تم
vous	you	وو	آپ
le (l'), la (l')	him, her	لو/لا	اس کا/اس کی

جمع:

nous	us	نو	ہم
vous	you	وو	آپ (زیادہ)
les	them	لے	ان

☆

French Indirect Object Pronouns

ان کا استعمال عام طور پر فرانسیسی حروف جار à یا pour کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ جن کے معنی "کو" اور "کیلئے" اور انگریزی کے to اور for کے برابر ہیں۔

واحد:

me	me	مو	مجھے
te	you	تو	تم
vous	you	وو	آپ
lui	him, her	لی (لوئی)	اس کا/اس کی

جمع:

nous	us	تو	ہم
vous	you	دو	آپ (زیادہ)
leur	them	لوگ (جمع)	ان

مثال:

میں یہ اس کو دیتا ہوں۔

Je le lui donne.

I give *it* to *him*.

اس جملے میں تین ضمائر استعمال ہوئے ہیں۔

☆je = Subject Pronoun

☆le = direct object

☆lui = indirect object

☆☆☆

Disjunctive Pronouns

اس کا استعمال بڑے پیمانے پر حروف جار کے بعد، اسم یا ضمیر پر زور دینے کیلئے، c'est اور ce sont کے بعد اور سوال و جواب کیلئے ہوتا ہے۔

مثالیں:

Avec eux	with them	حرف جار کے بعد:
C'est moi	it's me	C'est کے بعد:

سوال و جواب کیلئے:

یہ کس نے کیا؟ میں نے۔

Qui a fait ça? -Moi

Who did this? -Me!

Disjunctive Pronouns کا استعمال

واحد:

moi	me	مُوا (مُوا)	مجھے
toi	you	توا	تم
vous	you	وُو	آپ
lui, soi, elle	him, her	لوئی، سوا، ایل	اس کا، اس کی

جمع:

nous	us	نو	ہم
vous	you	وُو	آپ (زیادہ)
eux, elles	them	او، ایل	ان

☆☆☆

Reflexive Pronouns

جس میں "خودی" کا اظہار پایا جائے۔ مثال کے طور پر:

Je me lave. میں خود دھوتا ہوں۔

☆

واحد:

me	myself	مو	میں خود
te	yourself	تو	تم خود
vous	yourself	وُو	آپ خود
se	himself, herself	سو	اس کا، اس کی (خود)

جمع:

nous	ourselves	نو	ہم خود
vous	yourself	وو	آپ خود (زیادہ)
se	themselves	سو	وہ خود (زیادہ)

☆☆☆

Possessive Pronouns

واحد: (مذکر اور مونث دونوں کیلئے)

mine	le mien, la mienne	میرا
yours familiar	le tien, la tienne	تمہارا
yours formal	le vôtre, la vôtre	آپ کا
his, hers	le sien, la sienne	اس کا، اس کی
ours	le nôtre, la nôtre	ہمارا
theirs	le leur, la leur	ان کا

☆

جمع: (مذکر اور مونث دونوں کیلئے)

mine	les miens les miennes
yours familiar	les tiens les tiennes
yours formal	les vôtres les vôtres
his, hers	les siens les siennes
ours	les nôtres les nôtres

yours	les vôtres les vôtres
theirs	les leurs les leurs

☆

Possessive Adjectives

my	mon, ma mes
your familiar	ton, ta tes
your formal	vôtre, vos
his, her, its	son, sa ses
our	nôtre nos
your	vôtre, vos
their	leur, leur, leurs

☆☆☆☆

Interrogative Pronouns- سوالیہ ضمائر

ان کا استعمال کسی سوال کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ جیسے کہاں، کیوں، کیسے وغیرہ

Quel est votre nom?

Où sommes nous?

Qui est ton père?

اوپر دیئے گئے میں quel، Où اور qui سوالیہ فرانسیسی ضمائر ہیں۔

☆

مندرجہ ذیل تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

where?	où?	او	کہاں؟
who?	qui?	کی	کون؟
what?	quoi?	کوآ	کیا؟
which?	quel?	کیل	کونسا
which one?	lequel?	لےکیل	کونسا(ایک)

☆

نوٹ:

quel اور lequel کے استعمال کا انحصار جنس و عدد پر ہوتا ہے۔

☆☆☆

French Relative Pronouns

یہ دو جملوں کو جوڑنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

انگریزی	فرانسیسی	معنی
who	qui	کون
that	que	کہ (جوکہ)
which	lequel, laquelle, lesquelles	کون سا
where	où	کہاں
whose	dont	کس کا

☆☆☆

غیر معین ضمائر

(INDEFINITE PRONOUNS)

any (m.f.)	aucun / une	اوکاں/ایون(اُن)	کوئی(مرد و عورت)
the other	autre	اوتخ	دوسرا
others	autrui	اوتغوئی	دوسروں
some people	certains	سیغتیں	کچھ لوگ
everyone / each one	chacun/une	شاکوں ـ سایون	ہر ایک، ہر کوئی
each person	chaque	شیک	ہر شخص
various people	divers	دیویغ	مختلف لوگ
many	mainte	منیت	کئی
whatever	n'importe quel	نیں پورت کیل	جس قدر
whoever	n'importe qui	نیں پورت کی	جو بھی
nobody	pas un	پاساں	کوئی نہیں
few things	peu de chose	پودوشوز(س)	چند چیزیں
nobody	personne	پیغ سون	کوئی نہیں(آدمی)
many	plusieurs	پلوزی اغ	کئی
someone	quelqu'un	کیلکاں	کوئی ایک
all	tout	تو	سب، تمام

ADJECTIVES-(اسم صفت)

تعریف:
کسی شخص، چیز یا مقام کی خوبی بیان کرنے والے لفظ کو اسم صفت کہا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر:
وسیم موٹا ہے۔بلی کالی ہے۔دودھ گاڑھا ہے۔وغیرہ وغیرہ
ان جملوں میں "موٹا"، "کالی"، "گاڑھا" اسمائے صفت ہیں۔یعنی شکل و صورت، حجم اور رنگ وغیرہ بھی اسمائے صفت ہیں۔

فرانسیسی میں اسم صفت:
فرانسیسی میں اسم صفت کی چار حالتیں کہی جا سکتی ہیں۔کیونکہ مذکر، مؤنث، مذکر جمع اور مؤنث جمع فرانسیسی اسم صفت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

پہلا اصول:
فرانسیسی میں مؤنث اسم صفت بنانے کیلئے مذکر اسم صفت کے آخر میں صرف e لگا دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

Un petit garçon.	(مذکر)	ایک چھوٹا لڑکا۔
Une *petite* fille.	(مؤنث)	ایک چھوٹی لڑکی۔

☆

دوسرا اصول:
اگر مذکر اسم صفت کا اختتام e پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں مؤنث بنانے کیلئے اسم صفت میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں کی جائے گی بلکہ جوں کا توں استعمال ہوگا۔

Un travail facile

Une question facile

☆

el اور eil کی صورت میں e کا اضافہ
آخری اشکال اور l اضافہ کر دیا جاتا ہے یعنی ll
آپ دوسرے الفاظ میں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ایسی
مذکر اسم صفت سے مؤنث اسم صفت بن جائے

Un problème éventuel

Une solution éventuelle

☆

en/on/an کی صورت میں e کا اضافہ
بالکل پہلے اصول کی طرح جس میں

پانچواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام et پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں بھی سب سے آخر میں e کا اضافہ کرنے سے پہلے t لگا کر اس کو ll اور nn کی طرح tt کر دیا جائے گا اور پھر اس کے بعد e کا اضافہ کیا جائے گا یا دوسرے الفاظ میں et پر اختتام کی صورت میں اس کے آخر میں te کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جس سے یہ مذکر اسم صفت سے مونث اسم صفت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

مثالیں:

Un homme muet.	ایک بہرہ شخص۔
Une femme *muette*.	ایک بہری عورت۔

☆

پانچویں اصول کیلئے خصوصی نوٹ:

کچھ اسمائے صفت ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں te کا اضافہ کرنے کی بجائے ان کے آخری et میں صرف e کا اضافہ کیا جاتا ہے اور یہ مونث اسمائے صفت بن جاتے ہیں مگر ایسی صورت میں et کے e کو è میں بدل دیا جاتا ہے۔ ٹیبل ملاحظہ فرمائیں۔

اسم صفت	ète کا اضافہ	معنی
complet	complète	مکمل
incomplet	incomplète	نامکمل
concret	concrète	جامد
discret	discrète	تمیز
indiscret	indiscrète	بے شعوری
inquiet	inquiète	بے چینی

replet	replète	لبریز
secret	secrète	پوشیدہ

☆☆☆

چھٹا اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام x پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں آخری x کو ختم کر کے اس کی جگہ se لگا دیا جاتا ہے اور اس کا تلفظ صرف "س" یا "ز" کے برابر لیا جاتا ہے۔ یوں یہ مذکر سے مؤنث اسم صفت بن جاتا ہے۔

مثالیں:

Un homme généreux. — ایک فیاض آدمی۔

Une personne généreuse. — ایک فیاض شخصیت۔

☆

ساتواں اصول:

اگر اسم صفت کے آخر میں s آ رہا ہو تو اس کے لئے صرف e کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جس سے یہ مؤنث اسم صفت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ تاہم مندرجہ ذیل جدول میں وہ اسم صفت دیے جا رہے ہیں جن کے آخر میں sse کے ساتھ s کو بدلا جاتا ہے یا دوسرے الفاظ میں آخری s میں se کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

اسم صفت	sse کا اضافہ	معنی
bas	basse	نیچا
gras	grasse	موٹا
las	lasse	تھکا ہوا
épais	épaisse	گاڑھا

gros	grosse	بڑا

آٹھواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام پر er ہو رہا ہو تو اسے مونث بنانے کیلئے اس کے er کو ère کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

n premier pas. — پہلا قدم۔

Une première fois. — پہلی بار۔

☆

نواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام f پر ہو رہا ہو تو f کی جگہ ve کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جس سے یہ مونث میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

مثالیں:

Un garçon actif. — ایک محنتی لڑکا۔

Une fille active. — ایک محنتی لڑکی۔

☆

دسواں اصول:

اگر اسم صفت کے آخر میں c آ رہا ہو تو اس کو مونث بنانے کیلئے c کو ختم کر کے اس کی جگہ que کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

Le jardin public. — عوامی باغ۔

Une école publique. — ایک عوامی اسکول۔

گیارہواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام eur پر ہو رہا ہو تو اس کو مؤنث بنانے کیلئے eur کی جگہ euse کا اضافہ کرنا پڑتا ہے۔

مثالیں:

Un homme trompeur. ایک دھوکہ باز آدمی۔

Une action trompeuse. ایک فریب عمل۔

☆

خصوصی نوٹ:

چند اسمائے صفت ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں حرف e کا اضافہ کرنے سے وہ صفت مؤنث میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور eur کو ختم یا euse کا اضافہ نہیں کیا جاتا۔ جیسے

ultérieur	*ultérieure*	بعد کی
antérieur	*antérieure*	پچھلا

☆☆☆

بارہواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام tour پر ہو رہا ہو تو اس کو trice کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے تب جا کے مؤنث اسم صفت بن جاتا ہے۔

مثالیں:

Un mot modificateur. ایک تبدیل کرنے والا لفظ۔

ne condition modificatrice. ایک تبدیل والی حالت۔

☆☆☆

جمع اسم صفت:

اس کا طریقہ بہت آسان ہے اور عام طور پر......
مذکر کیلئے: "s" اسم صفت کے آخر میں لگایا جاتا ہے جبکہ
مونث کیلئے: es اسم صفت کے آخر میں لگایا جاتا ہے۔

نوٹ:

☆ اگر مذکر اسم صفت کا اختتام s یا x پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں جمع اسم صفت میں کوئی بھی اضافہ یا کمی نہیں کی جائے گی۔

☆ اگر اسم صفت کا اختتام eau پر ہو رہا ہو تو اس اسم صفت کو جمع بنانے کیلئے اس کے آخر میں x کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے

اسم صفت	x کا اضافہ	معنی
beau	beaux	خوبصورت
nouveau	nouveaux	نیا
jumeau	jumeaux	جڑواں

☆

☆ اگر اسم صفت کے آخر میں al آ رہا ہو تو اس کو جمع میں بدلنے کیلئے اس کے al کو ختم کر کے اس کی جگہ aux لگا دیا جاتا ہے۔

مثال:

un conte original (واحد) ایک اصلی کہانی۔
des contes originaux (جمع) اصلی کہانیاں۔

☆☆☆

متعلق فعل-(Adverb)

تعریف:

وہ لفظ جو فعل یا اسم صفت (Adjective) یا کسی دوسرے متعلق فعل (Adverb) کی خوبی بیان کرتا ہو متعلق فعل کہلاتا ہے۔

فرانسیسی متعلق فعل:

انگریزی میں متعلق فعل (ly) کے اضافہ کے بعد بن جاتا ہے اسی طرح فرانسیسی میں بھی (ment) کا اضافہ کر دینے سے الفاظ فرانسیسی متعلق فعل بن جاتا ہے۔ تاہم اس کے باوجود چند اصول بھی ذہن نشین رکھے جاتے ہیں۔

پہلا اصول:

اگر کوئی اسم صفت (Adjective) کسی حروف صحیح پر ختم ہو رہا ہو تو اسے متعلق فعل بنانے کیلئے اس کی مونث شکل کے آخر میں ment لگایا جاتا ہے۔

اسم صفت		متعلق فعل	
doux, douce	نرم	doucement	نرمی
franc, franche	صاف دل	franchement	صاف دلی سے

دوسرا اصول:

اگر اسم صفت (Adjective) کا اختتام کسی حرف علت (Vowel) پر ہو تو اس کی مذکر شکل میں ment لگایا جاتا ہے۔

اسم صفت-(Adjective)	متعلق فعل-(Adverb)
vrai سچا	vraiment سچائی سے
simple سادہ	simplement سادگی سے

تیسرا اصول:

☆اگر کسی اسم صفت کا اختتام ant یا ent پر ہو رہا ہو تو ایسے اسم صفت کے ant یا ent والے حصے کو amment یا emment میں بدل دیا جاتا ہے۔

اسم صفت (Adjective)	متعلق فعل (Adverb)
prudent احتیاط	prudemment احتیاط سے (ہوشیاری سے)

☆☆☆

یہاں آپ لوگوں کی مزید راہنمائی کیلئے مختلف فعل دیے جا رہے ہیں۔

وقت سے متعلق

then	alors	آلورغ	جب، پھر
afterwards	après	آپرے	اس کے بعد
today	aujourd'hui	اوژوغدوئی	آج
at once	aussitôt	اوسی تو	ایک دفعہ
soon	bientôt	بیاں تو	جلد
first	d'abord	دابورغ	پہلے
already	déjà	دے ژا	پہلے سے
tomorrow	demain	دومیں	کل (آنے والا)
still, again	encore	آں کورغ	تک، دوبارہ
not yet	pas encore	پاس آں کورغ	ابھی نہیں
at last, finally	enfin	آں فیں	آخرکار

yesterday	hier	اییے	کل (گزشتہ)
sometimes	parfois	پارفوا	بعض اوقات
rarely	rarement	رارےماں	شاذونادر
often	souvent	سوواں	اکثر
late	tard	تارغ	دیر سے
early	tôt	تو	پہلے کا
always	toujours	توژوغ	ہمیشہ
immediately	tout de suite	تودوسوئٹ	فوراً

☆☆☆

مقام سے متعلق

here	ici	اسی	یہاں
there	là	لا	وہاں
far away	loin	لوئیں (لواں)	دور
on top, on it	dessus	دیسو	بلندی پر (اوپر)
over, above	au-dessus	اودیسو	اوپر
underneath	dessous	دیسوُ	نیچے
below	au-dessous	اودیسوُ	نیچے
inside	dedans	دےداں	اندر کی طرف
outside	dehors	دیوغ	باہر کی طرف
in front, ahead	devant	دیواں	سامنے
behind	derrière	دیغی ایغ	پیچھے

where	où	اُو	کہاں
everywhere	partout	پارٹو	ہر جگہ (کہیں)

☆☆☆

تعداد یا مقدار سے متعلق

hardly	à peine	آپین	بمشکل
enough, quite	assez	آسے	کافی
as much/ many	autant	اوتاں	کئی، بہت
a lot, much/ many	beaucoup	بوکو	بہت زیادہ
how much/ many	combien	کوں بیاں	کتنا، کتنے
how	comme	کوم	کیسا
less	moins	معاں	کم
more	plus	پلو	مزید، اور
nearly	presque	پریسک	قریباً
little	peu	پو	چھوٹا، تھوڑا
only	seulement	سولے ماں	صرف
so much/ many	tant	تاں	بہت زیادہ
very	très	ترے	بہت
too, too much/ many	trop	ترو	انتہائی زیادہ
a little	un peu	آں پو	تھوڑا، کم

☆☆☆

حروفِ جار (Prepositions)

تعریف و استعمال:

وہ لفظ جو کسی اسم یا اسم ضمیر (Pronoun) سے پہلے استعمال ہو کر اس کا تعلق کسی دوسرے اسم (Noun) یا اسم ضمیر (Pronoun) سے ظاہر کرے اسے حرفِ جار کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر انگریزی کے چند حروفِ جار مندرجہ ذیل ہیں۔

to, on, after, upon وغیرہ

فرانسیسی حروفِ جار کا عمل ملاحظہ فرمائیں:

since	depuis	دوپوئی	اس وقت سے
inside	à l'intérieur	آلیں ٹے ری یوغ	اندر کی طرف
under	sous	سو	اندر، نیچے
above	au-dessus	او دیسو	اوپر
before	devant	دیواں	آگے
outside	au-dehors	او دیوغ	باہر کی جانب
after	après	آپرے	بعد
upon	sur	سوغ	پہ
before	avant	آواں	پہلے
behind	derrière	دیغی ایغ	پیچھے
until	jusqu'à	ژوسکا	جب تک
against	contre	کونتغ	خلاف
between	entre	آں تغ	درمیان

among	parmi	پارمی	درمیان
with	avec	آویک	ساتھ
except	exceptez	ایکس سیپ ٹے	سوا
of, from	de, de	دو،دو(دے)	سے
near	proche	پروش	قریب
to	à	آ	کو
instead of	au lieu de	اولیودو	بجائے
towards	vers	ویئر	کی جانب
after	après	آپرے	بعد
without	sans	ساں	کے بغیر
in front of	devant	دیواں	کے سامنے
according to	d'après	داپرے	کے مطابق
for	pour	پوغ	لئے (کیلئے)
about	au sujet de	اوسوژے دو	متعلق
in	dans	داں	میں
beside	à côté de	آکوٹے دو	نزدیک

☆☆☆

الفاظ۔متضاد

فرانسیسی	تلفظ	معنی
bon	بوں	اچھا
mauvais	موویے	برا
bon marché	بوں مارشے	سستا
cher	شے	مہنگا
correct	کوریکٹ	درست
mal	مال	غلط
grand	گراں	بڑا
petit	پتی	چھوٹا
chaud	شو(د)	ٹھنڈا
froid	فرو(ا)	گرم
proche	پروش	دور
loin	لواں	نزدیک
ouvert	اوویر	کھلا
fermé	فیرمے	بند
facile	فاسیل	آسان
difficile	ڈیفیسیل	مشکل
plein	پلیں	بھرا ہوا
vide	وید	خالی

lourd	لورغ	بھاری
léger	لیوے	ہلکا
beau	بو	خوبصورت
laid	لے(د)	بدصورت
vieux	وئیو	بوڑھا
jeune	ژون	جوان
mal	مال	بیمار
bien	بیں	تندرست

☆☆===☆===☆☆

فرانسیسی افعال اور زمانے (Verbs)

فرانسیسی افعال:

فرانسیسی میں باقاعدہ اور بے قاعدہ دونوں طرح کے افعال موجود ہیں تاہم ایسے افعال جن کا اختتام er پر ہوتا ہے ان کی تعداد سب سے زیادہ ہے اور یہ باقاعدہ افعال کہلاتے ہیں۔

زمانہ حال کے جملے: (باقاعدہ)

زمانہ حال میں آخری er رکھنے والے افعال کے er کو جدول میں دیئے گئے مندرجہ ذیل حروف سے بدل دیا جاتا ہے۔

☆ یہاں یہ بھی یاد رکھئے کہ فرانسیسی میں: میں کام کرتا ہوں ـــ میں کام کر رہا ہوں......

ان دونوں میں کوئی فرق موجود نہیں یعنی دونوں کیلئے ایک ہی طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ انگریزی کی طرح ing والا طریقہ استعمال نہیں ہوتا۔ جدول ملاحظہ فرمائیں۔

فاعل	اختتام	مثال (Example)
je (میں)	e	je travaille. میں کام کرتا ہوں / کر رہا ہوں۔
tu (تم)	es	tu travailles.
il (وہ مرد) elle (وہ عورت) on (ہم)	e	il travaille. elle travaille. on travaille.
nous (ہم)	ons	nous travaillons.
vous (آپ)	ez	vous travaillez.
ils (وہ لوگ) elles (وہ عورتیں)	ent	ils travaillent. elles travaillent.

بے قاعدہ افعال (ÊTRE اور Avoir)

ÊTRE کا استعمال:

فرانسیسی میں بے قاعدہ فعل ÊTRE کا استعمال عام ہے اور یہ انگریزی کے فعل to be جبکہ اردو کے "ہونا" کے برابر ہے۔

مندرجہ ذیل مثالوں کے معنی "میں ہوں، تم ہو، ہم ہیں (یا تھے یا ہوں گے) وغیرہ ہیں۔

Present	Imperfect
Je suis	J'étais
Tu es	Tu étais
Il est	Il était
Nous sommes	Nous étions
Vous êtes	Vous étiez
Ils sont	Ils étaient

Past	Future
Je fus	Je serai
Tu fus	Tu seras
Il fut	Il sera
Nous fûmes	Nous serons
Vous fûtes	Vous serez

Ils furent	Ils seront
Past Perfect	**Present Perfect**
J'avais été	J'ai été
Tu avais été	Tu as été
Il avait été	Il a été
Nous avions été	Nous avons été
Vous aviez été	Vous avez été
Ils ont été	Ils ont été

☆

Future Perfect:	**Literary Past Perfect:**
J'aurai été	J'eus été
Tu auras été	Tu eus été
Il aura été	Il eut été
Nous aurons été	Nous eûmes été
Vous aurez été	Vous eûtes été
Ils auront été	Ils eurent été

☆☆☆

Avoir کا استعمال

فرانسیسی بے قاعدہ فعل avoir کا استعمال بھی عام ہے اور یہ انگریزی کے فعل to have جبکہ اردو میں "رکھنا" کے برابر ہے۔ جیسے میں رکھتا ہوں یا میرے پاس ہے وغیرہ۔

مندرجہ ذیل مثالوں کے معنی: میں رکھتا ہوں، تم رکھتے ہو، ہم رکھتے ہیں...... رکھتے تھے، یا رکھ چکے تھے، یا رکھیں گے وغیرہ ہیں (حال، مستقبل، ماضی)

Imperfect	Present
J'avais	J'ai
Tu avais	Tu as
Il avait	Il a
Nous avions	Nous avons
Vous aviez	Vous avez
Ils avaient	Ils ont

Future	Past
J'aurai	J'eus
Tu auras	Tu eus
Il aura	Il eut
Nous aurons	Nous eûmes
Vous aurez	Vous eûtes
Ils auront	Ils eurent

Past Perfect:	Present Perfect:
J'avais eu	J'ai eu
Tu avais eu	Tu as eu
Il avait eu	Il a eu
Nous avions eu	Nous avons eu
Vous aviez eu	Vous avez eu
Ils avaient eu	Ils ont eu
Future Perfect	**Literary Past Perfect**
J'aurai eu	J'eus eu
Tu auras eu	Tu eus eu
Il aura eu	Il eut eu
Nous aurons eu	Nous eûmes eu
Vous aurez eu	Vous eûtes eu
Ils auront eu	Ils eurent eu
Past Conditional	**Present Conditional**
J'aurais eu	J'aurais
Tu aurais eu	Tu aurais
Il aurait eu	Il aurait
Nous aurions eu	Nous aurions
Vous auriez eu	Vous auriez
Ils auraient eu	Ils auraient

زمانہ حال کے جملے (Present)

ایسے فرانسیسی افعال جن کا اختتام er وغیرہ حروف پر ہوتا ہے انہیں زمانہ حال کے جملوں میں استعمال کرنے کیلئے نیچے دیئے گئے حروف کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ یاد رکھئے یہ تبدیلی ضمائر کو سامنے رکھ کر کی جاتی ہے۔

تیسرا گروپ -re	دوسرا گروپ -ir	پہلا گروپ -er
s	is	e
s	is	es
	it	e
ons	issons	ons
ez	issez	ez
ent	issent	ent

مثالیں

واپس دینا- render	finir - ختم کرنا (ir)	aimer - پسند کرنا (er)
Je rends	Je finis	J'aime
Tu rends	Tu finis	Tu aimes
Il rend	Il finit	Il aime
Nous rendons	Nous finissons	Nous aimons
Vous rendez	Vous finissez	Vous aimez
Ils rendent	Ils finissent	Ils aiment

زمانہ ماضی کے جملے (Past)

ایسے فرانسیسی افعال جن کا اختتام er وغیرہ حروف پر ہوتا ہے انہیں زمانہ ماضی کے جملوں میں استعمال کرنے کیلئے ٹیبل میں دیئے گئے حروف کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ یہاں بھی ضمائر کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

تیسرا گروپ-re	دوسرا گروپ-ir	پہلا گروپ-er
is	is	ai
is	is	as
it	it	a
îmes	îmes	âmes
îtes	îtes	âtes
irent	irent	èrent

مثالیں

rendre واپس دینا	finir - ختم کرنا	aimer - پسند کرنا
Je rendis	Je finis	J'aimai
Tu rendis	Tu finis	Tu aimas
Il rendit	Il finit	Il aima
Nous rendîmes	Nous finîmes	Nous aimâmes
Vous rendîtes	Vous finîtes	Vous aimâtes
Ils rendirent	Ils finirent	Ils aimèrent

زمانہ مستقبل کے جملے (Future)

ایسے افعال جن کا اختتام er وغیرہ حروف پر ہوتا ہے انہیں زمانہ مستقبل کے جملوں میں استعمال کرنے کیلئے ٹیبل میں دیے گئے حروف کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔
یہاں بھی ضمائر کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

تیسرا گروپ -re	دوسرا گروپ -ir	پہلا گروپ -er
-rai	-irai	-erai
-ras	-iras	-eras
-ra	-ira	-era
-rons	-irons	-erons
-rez	-irez	-erez
-ront	-iront	-eront

مثالیں

rendre واپس دینا	finir - ختم کرنا	aimer - پسند کرنا
Je rendrai	Je finirai	J'aimerai
Tu rendras	Tu finiras	Tu aimeras
Il rendra	Il finira	Il aimera
Nous rendrons	Nous finirons	Nous aimerons
Vous rendrez	Vous finirez	Vous aimerez
Ils rendront	Ils finiront	Ils aimeront

منفی جملے-(Negative)

فرانسیسی منفی اظہار:

ویسے تو فرانسیسی میں منفی اظہار کے کئی طریقے استعمال ہوتے ہیں تاہم عام طریقہ ne ... pas ہے۔ جس کے معنی "نہیں" (not) کے ہیں۔ اس کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔

ne (Verb) + فعل + pas

یاد رکھیں:

اگر ne کے بعد آنے والا لفظ یا فعل وغیرہ کسی حرف علت یا h سے شروع ہو رہا تو ایسی صورت میں یہ 'n بن جاتا ہے۔

پہلا اصول: (سادہ فقرہ)

☆ سادہ جملوں میں ne فعل سے پہلے آتا ہے جب کہ اس کا دوسرا حصہ یعنی pas اس کے بعد۔

☆ اسی طرح دوسرے منفی الفاظ جیسے، کبھی نہیں، کچھ بھی نہیں وغیرہ وغیرہ ان سب کیلئے بھی یہی طریقہ ہے۔ اہم منفی الفاظ کا ٹیبل نیچے دیا جا رہا ہے اور اس کے بعد ان کی مثالوں سے مزید وضاحت بھی کی گئی ہے۔

ٹیبل-1

ne ... pas	نہیں	ne ... jamais	کبھی نہیں
ne ... point	ہرگز نہیں	ne ... rien	کسی صورت نہیں
ne ... plus	مزید نہیں	ne ... guère	بمشکل

☆

تکمیل نمبر دوم

ne ... personne	ایک بھی نہیں (کوئی نہیں)	ne ... ni	نہ یہ نہ وہ
ne ... que	فقط (صرف)	ne ... aucun(e)	کوئی نہیں
ne ... nulle part	کہیں نہیں		

☆

مثالیں:

Je ne la connais pas.	میں اسے نہیں جانتا ہوں۔
N'insistez pas!	ضد مت کرو!
Je n'ai plus d'argent.	میرے پاس کوئی رقم باقی نہیں بچی۔
Tu ne le sauras jamais!	تم کبھی بھی نہیں جانو گے۔
Je n'avais que dix francs.	میرے پاس صرف دس فرانک ہیں۔
Ce n'est ni noir ni bleu!	یہ نہ کالا ہے نہ نیلا۔
Il n'est nulle part.	یہ کہیں نہیں ہے۔

☆☆☆

دوسرا اصول:

☆ فعل مطلق کے ساتھ تمام منفی الفاظ (جو تکمیل نمبر 1 میں دیے گئے ہیں) فعل سے پہلے اکٹھے ہی استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے

Essaie de ne rien perdre. کوئی چیز ضائع کرنے کی کوشش مت کرو۔

☆

☆ جبکہ دوسرے تکمیل میں دیے گئے منفی الفاظ کا طریقہ اصول نمبر ایک کے

آں، آن، ایں، این:

☆ حروف علت کے بعد n نون غنہ کی سی آواز پیدا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر:

☆ an کی آواز "آں" ☆ in کی آواز "ایں"

☆ un کی آواز "آں" ☆ en کی آواز "آں"

☆ on کی آواز "اوں" ہے۔

☆ ain, ein کی آواز بھی ایں ہے۔

اگر n کے بعد بھی کوئی حرف علت آ رہا ہو تو پھر اس کی آواز "ن" ہوگی نہ کہ "ں"

جیسے: ane کا تلفظ "آن" ہوگا۔ اسی طرح اگر فرض کریں eine وغیرہ ہو تو پھر اس کا تلفظ این ہوگا نہ کہ "ایں"۔

☆☆===☆===☆☆

E کی مختلف آوازیں:

☆É "اے" کی آواز۔

☆È "اے" کی سی درمیانی آواز۔

☆Ê "اے" کی سی لمبی آواز۔

☆☆☆

☆Ç یہ حرف آنے کی صورت میں آواز ہمیشہ "س" رہے گی۔

☆À "آ" کی سی آواز۔

☆☆☆

بے آواز حروف:

☆E, S, T, X اکثر کے آخر میں کوئی آواز پیدا نہیں کرتے۔

☆E کے بعد Z اور R کی بھی آواز نہیں ہوتی۔

☆☆☆

FRENCH GRAMMAR

فرانسیسی گرامر

☆☆☆☆☆☆☆

خط لکھنے اور مزید مدد حاصل کرنے کا پتہ ۔ (جوابی لفافہ بھی ارسال فرمائیں)

"شیراز علی مسکراہٹ" پی او بکس نمبر 827 جی پی او۔ لاہور

سوفٹ ویئر، سی ڈیز، ڈیجیٹل ڈکشنریاں اور تلفظ کی آوازوں کیلئے اور مصنف کی
دیگر تمام کتابوں کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے:

بذریعہ انٹرنیٹ (Internet)

آفیشل ویب سائٹ: www.HelloUrdu.com

آفیشل ای میل: Sheraz@HelloUrdu.com

دیگر

E-Mail: Sheraz_Muskrahat@Yahoo.com

Sheraz.Muskrahat@Gmail.com

فرانسیسی حروفِ تنکیر

(French Articles)

تعریف:

انگریزی کے a , an اور the کی طرح فرانسیسی میں بھی چند حروفِ تنکیر استعمال کیے جاتے ہیں جن کا استعمال اسم سے پہلے کیا جاتا ہے۔ اس سے اسم کی جنس کی بھی پہچان ہو جاتی ہے کہ وہ مذکر ہے یا مونث اور واحد ہے کہ جمع۔ یہ معین اور غیر معین دونوں اقسام رکھتے ہیں۔ بہرحال پہلے معین حروفِ تنکیر بیان کیے جا رہے ہیں۔

مذکر واحد کیلئے: (معین)

مذکر اسم کے ساتھ le استعمال کیا جاتا ہے۔ جو کہ انگریزی کے "the" کے برابر ہے۔ مثلاً

the boy	le garçon	لڑکا

مونث واحد کیلئے: (معین)

مونث اسم کے ساتھ la فرانسیسی حرفِ تنکیر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بھی انگریزی کے حرفِ تنکیر the کے برابر ہے۔

the girl	la fille	لڑکی

مذکر و مونث جمع کیلئے: (معین)

مذکر و مونث دونوں طرح کے اسم کو جمع بنانے کیلئے les استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر:

the boys	les garçons	لڑکے
the girls	les filles	لڑکیاں

le اور la کیلئے اہم اصول:

اگر ان دونوں حروف تنکیر سے اگلا لفظ یعنی اسم کسی حرف علت (a,e,io,u) سے شروع ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں صرف 'l' استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر:

les enfants	بچے	l'enfant	بچہ
les heures	گھنٹے	l'heure	گھنٹہ

☆

معین حروف تنکیر کے استعمالات:

☆ اسم سے پہلے۔ جس سے مذکر و مونث اور واحد و جمع کی پہچان بھی کی جاتی ہے۔

☆ جسم کے حصوں کے بارے میں بتاتے وقت ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔

میں اپنے ہاتھ اور چہرہ دھو رہا ہوں۔

Je me lave les mains et la figure.

☆ کسی ملک یا قوم وغیرہ کی زبان کے بارے میں بتاتے وقت:

SAM comprend le Russe. سیم روسی زبان سمجھتا ہے۔

☆ کسی کا عہدہ یا مقام (شعبہ میں) بیان کرتے وقت:

Le professeur SAM arrive. پروفیسر سیم آرہے ہیں۔

☆ تاریخ اور ہفتہ کے دنوں کے دوران:

Nous ne travaillons pas le samedi. ہم ہفتہ کو کام نہیں کرتے ہیں۔

C'est aujourd'hui le 10 mai 2008. آج 10 مئی 2008ء ہے۔

☆ ان کا استعمال موسموں کے ناموں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

L'hiver est très long en Pakistan. پاکستان میں سرما بہت لمبا ہوتا ہے۔

☆

غیر معین حروف تنکیر

انگریزی کے غیر معین حروف تنکیر one, an, a ہیں۔ اسی طرح فرانسیسی میں بھی دو غیر معین حروف تنکیر موجود ہیں جو مذکر اور مونث سے پہلے استعمال کیے جاتے ہیں۔

واحد مذکر اور مونث کیلئے:

☆ مذکر کے ساتھ: un استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ مونث کے ساتھ: une استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

a man	un homme	ایک آدمی
a woman	une femme	ایک عورت

☆

جمع مذکر و مونث کیلئے:

مذکر و مونث دونوں کو جمع بناتے وقت صرف اور صرف "des" استعمال کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

تخصیصی حروف تنکیر:

کچھ الفاظ یا اسم ایسے ہیں جن کو گنا نہیں جا سکتا جیسے، پانی، طاقت، صبر وغیرہ انگریزی یا اردو میں تو ان کے لئے کوئی علیحدہ سے حرف تنکیر استعمال نہیں کرنا پڑتا مگر فرانسیسی میں اس مقصد کیلئے چند حروف تنکیر استعمال کرنے پڑتے ہیں۔

مذکر واحد کیلئے:

☆ اس کیلئے du (du le) استعمال کیا جاتا ہے۔

مونث واحد کیلئے:

☆اس کیلئے de la استعمال کیا جاتا ہے۔

مذکرو مونث جمع کیلئے:

اس کیلئے de les استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

salt	du sel	نمک
flour	de la farine	آٹا
water	de l'eau	پانی

☆

یاد رکھیں!

اگر حرف تنکیر سے اگلا لفظ کسی بھی حرف علت (vowel) سے شروع ہو رہا تو اس صورت میں حرف تنکیر جیسے la یا le کے لئے صرف 'l' لکھا جائے گا۔

☆☆☆

(Nouns) اسماء

تعریف:

کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر:
وسیم کھیلتا ہے۔ رابعہ پڑھتی ہے۔ آسمان صاف ہے۔
ان جملوں میں، وسیم، رابعہ اور آسمان اسماء ہیں۔

☆

فرانسیسی اسماء کے اصول:

فرانسیسی زبان میں اسم کی دو اقسام مذکر اور مونث ہیں۔ یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ انگریزی اور اردو کے برعکس فرانسیسی میں بہت سارے مذکر اسماء ہیں جو کہ اردو یا انگریزی میں اس کے الٹ ہیں۔ کون سا اسم مذکر ہے اور کون سا مونث کو پہچاننے کے سب سے آسان طریقہ حروف تنکیر ہیں جو اسماء کے ساتھ ضرور استعمال کیے جاتے ہیں۔

پہلا اصول:

فرانسیسی میں مذکر سے مونث بنانے کا عام طریقہ یہ ہے کہ مذکر اسم کے آخر میں e لگا دیا جاتا ہے مگر یہ ضروری نہیں کہ ہر وہ اسم جس کے آخر میں e یا ne لگا دیا جائے وہ مونث بن جائے۔

مثال:

مذکر	مونث (e لگانے کے بعد)
un ami دوست	une amie سہیلی

دوسرا اصول:

ایسے اسماء جن کا اختتام el اور eau پر ہو رہا ہو ان کو مونث بنانے کیلئے ان el یا eau کو ختم کر کے elle لگا دیا جاتا ہے۔

مثال:

une chamelle۔ اونٹنی	un chameau۔ اونٹ

تیسرا اصول:

اگر کسی اسم کا اختتام en یا on پر ہو رہا ہو تو ایسے اسم کو مونث میں تبدیل کرنے کیلئے اس میں ne کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

une gardienne محافظ	un gardien محافظ

چوتھا اصول:

اگر اسم کا اختتام an یا in یا ian پر ہو رہا ہو تو اسے مونث بنانے کیلئے اس کے آخر میں ne نہیں لگایا جاتا ہے بلکہ صرف e کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

une gitane خانہ بدوش عورت	un gitan خانہ بدوش مرد

پانچواں اصول:

☆☆ ایسے اسماء جن کا اختتام t یا et پر ہو رہا ہو انہیں مونث بنانے کیلئے ان کے آخر میں te کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثال

une cadette۔ چھوٹی بیٹی	un cadet۔ چھوٹا بیٹا

چھٹا اصول:

ایسے اسماء جن کے آخر میں at یا ot آ رہا ہو انہیں مونث بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف e کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

une avocate وکیل (عورت)	un avocat وکیل (مرد)

نوٹ:

مندرجہ ذیل اسماء ایسے ہیں جن کیلئے پانچواں اصول ہی استعمال ہوگا۔

chat / chatte; linot / linotte; sot / sotte

ساتواں اصول:

اگر کسی اسم کا اختتام er پر ہو رہا ہو تو اسے مونث بنانے کیلئے اس کے er کو ère سے بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

une jardinière مالن	un jardinier مالی

آٹھواں اصول:

اگر اسم کا اختتام s یا x پر ہو رہا ہو تو اسے مونث میں بدلنے کیلئے s یا x کی جگہ se لگایا جاتا ہے۔

مثال:

une épouse بیوی	un époux خاوند

نواں اصول:

اگر اسم کے آخر میں f آرہا ہو تو اس کو ve کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

une veuve	un veuf
بیوہ	رنڈوا

دسواں اصول:

اگر اسم کا اختتام eur پر ہو رہا ہو تو اس کو مونث بنانے کیلئے اس اسم کے eur کو euse کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

une joueuse	un joueur
کھلاڑی (عورت)	کھلاڑی (مرد)

☆ بعض ایسے اسم جن کا اختتام teur یا deur پر ہو رہا ہو ان کو trice کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے

une actrice	un acteur
اداکارہ	اداکار

گیارہواں اصول:

ایسے مذکر اسماء جن کا اختتام e پر ہو رہا ہو ان کو مونث بنانے کیلئے ان کے آخر میں esse لگایا جاتا ہے۔

مثال:

une traîtresse	un traître
غدار عورت	غدار مرد

واحد جمع بنانا (Singular-Plural)

فرانسیسی اسم کی جمع:

اگر آپ نے اسماء (Nouns) کا سبق پوری توجہ سے سیکھا ہے تو پھر واحد سے جمع بنانے میں آپ کو مشکل پیش نہیں آئے گی۔ مندرجہ ذیل اصول ملاحظہ فرمائیں۔

پہلا اصول: (عام طریقہ)

انگریزی کی طرح فرانسیسی میں بھی اسم کے آخر میں s لگا دینے سے وہ واحد سے جمع بن جاتا ہے۔ لیکن یاد رکھئے کہ واحد سے جمع بنانے کی صورت میں حرفِ تنکیر بھی بدلے گا۔ وضاحت کیلئے سبق دیکھئے (حروف تنکیر)۔

مثال:

des pommes(زیادہ) سیب	une pomme ایک سیب
des fruits(زیادہ) پھل	un fruit ایک پھل

دوسرا اصول:

ایسے اسماء جن کا اختتام z, x, s پر ہو یا ان کو جمع بنانے کیلئے کسی بھی قسم کی کوئی کمی بیشی نہیں کی جائے گی بلکہ ایسے اسماء جوں کے توں ہی رہیں گے۔

مثالیں:

جمع	واحد
des souris۔ چوہے	une souris۔ چوہا
des voix۔ آوازیں	une voix۔ آواز
des nez(زیادہ) ناک	un nez۔ ناک

تیسرا اصول:

ایسے اسماء جن کا اختتام al پر ہو رہا ہو انہیں جمع بنانے کیلئے al کو aux کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثال:

des chevaux گھوڑے	un cheval گھوڑا

☆ تاہم چند اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں صرف s کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

مثال:

des bals(جمع)ناچ	un bal(واحد)ناچ

چوتھا اصول:

ایسے واحد اسماء جن کا اختتام au, eu eau میں سے کسی پر ہو رہا ہو، انہیں جمع بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف x کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثال:

جمع	واحد
des tuyaux۔جرابیں	un tuyau۔جراب
des feux۔آگ	un feu۔آگ
des cadeaux۔تحائف	un cadeau۔تحفہ

☆ تاہم کچھ واحد اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں صرف s کا اضافہ کرنا پڑتا ہے۔ جیسے

des pneus ٹائروں	un pneu ٹائر

پانچواں اصول:

ایسے اسماء جن کے آخر میں ail آ رہا ہو انہیں جمع بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف s کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

un chandail سویٹر (واحد)	des chandails سویٹر (زیادہ)

چھٹا اصول:

ایسے اسماء جن کے آخر میں ou آ رہا ہو ان کو جمع بنانے کیلئے ان کے آخر میں صرف s کا اضافہ کر دیا جاتا ہے تاہم چند اسماء ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں x کا اضافہ کرنا پڑتا ہے۔

مثالیں:

un fou پاگل آدمی	des fous پاگل آدمیوں

x کے ساتھ:

واحد	جمع
bijou۔زیور	bijoux۔زیورات
caillou۔پتھر	cailloux۔پتھروں
genou۔گھٹنا	genoux۔گھٹنوں
joujou۔کھلونا	joujoux۔کھلونے

☆☆☆

(French Pronouns)فرانسیسی ضمائر

تعریف

Pronoun وہ لفظ ہے جو کسی اسم (noun) کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے۔

Subject Pronouns

ایسا اسم ضمیر جس میں کسی شخص یا چیز کا پتہ چلے۔
فرانسیسی ضمائر مندرجہ ذیل ہیں۔

فرانسیسی	انگریزی	تلفظ	معنی
Je/ j'	I	ژو	میں
tu	you	تو (تُو)	تم
il, elle	he, she	اِل، ایل	وہ (مرد)۔ وہ (عورت)
nous	we	نو	ہم
vous	you people	وو	آپ
ils, elles	they	اِل، ایل	وہ (زیادہ)

☆ یاد رکھیں:

☆ j' کا استعمال صرف اس وقت کیا جاتا ہے جب اس سے اگلا لفظ کسی حرف علت یا h سے شروع ہو رہا ہو۔

☆ فرانسیسی میں تم کہنے کے دو طریقے ہیں یعنی اسماء ضمیر ہیں۔ جس میں شائستگی کو اختیار کیا جاتا ہے۔ یعنی دوستوں وغیرہ کیلئے تو ''تم'' کا استعمال ہوتا ہے مگر بزرگوں یا محترم شخصیات کیلئے ''آپ'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ ils کا استعمال مذکر جبکہ elles کا استعمال مونث کیلئے کیا جاتا ہے۔

French Direct Object Pronouns

واحد:

me/ m'	me	مو	مجھے
te	you	تو	تم
vous	you	وُو	آپ
le (l'), la (l')	him, her	لو/لا	اس کا، اس کی

جمع:

nous	us	نو	ہم
vous	you	وُو	آپ (زیادہ)
les	them	لے	ان

☆

French Indirect Object Pronouns

ان کا استعمال عام طور پر فرانسیسی حروف جار à یا pour کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ جن کے معنی "کو" اور "کیلئے" اور انگریزی کے to اور for کے برابر ہیں۔

واحد:

me	me	مو	مجھے
te	you	تو	تم
vous	you	وُو	آپ
lui	him, her	لی (لوئی)	اس کا، اس کی

جمع:

nous	us	کو	ہم
vous	you	کو	آپ (زیادہ)
leur	them	کو (لئے)	ان

مثال:

میں یہ اس کو دیتا ہوں۔

Je le lui donne.

I give *it* to *him*.

اس جملے میں تین ضمائر استعمال ہوئے ہیں۔

☆je = Subject Pronoun

☆le = direct object

☆lui = indirect object

☆☆☆

Disjunctive Pronouns

اس کا استعمال بڑے پیمانے پر حروف جار کے بعد، اسم یا ضمیر پر زور دینے کیلئے، c'est اور ce sont کے بعد اور سوال و جواب کیلئے ہوتا ہے۔

مثالیں:

Avec eux	with them	حرف جار کے بعد:
C'est moi	it's me	C'est کے بعد:

سوال و جواب کیلئے:

یہ کس نے کیا؟ میں نے۔

Qui a fait ça? -Moi

Who did this? -Me!

کا تعیل Disjunctive Pronouns

واحد:

moi	me	موا (موا)	مجھے
toi	you	توا	تم
vous	you	وُو	آپ
lui, soi, elle	him, her	لوئی، سوا، ایل	اس کا، اس کی

جمع:

nous	us	نو	ہم
vous	you	وُو	آپ (زیادہ)
eux, elles	them	او، ایل	ان

☆☆☆

Reflexive Pronouns

جس میں ''خودی'' کا اظہار پایا جائے۔ مثال کے طور پر:

Je me lave. — میں خود دھوتا ہوں۔

☆

واحد:

me	myself	مو	میں خود
te	yourself	تو	تم خود
vous	yourself	وُو	آپ خود
se	himself, herself	سو	اس کا، اس کی (خود)

جمع:

nous	ourselves	نو	ہم خود
vous	yourself	وو	آپ خود (زیادہ)
se	themselves	سو	وہ خود (زیادہ)

☆☆☆

Possessive Pronouns

واحد: (مذکر اور مونث دونوں کیلئے)

mine	le mien, la mienne	میرا
yours familiar	le tien, la tienne	تمہارا
yours formal	le vôtre, la vôtre	آپ کا
his, hers	le sien, la sienne	اس کا، اس کی
ours	le nôtre, la nôtre	ہمارا
theirs	le leur, la leur	ان کا

☆

جمع: (مذکر اور مونث دونوں کیلئے)

mine	les miens les miennes
yours familiar	les tiens les tiennes
yours formal	les vôtres les vôtres
his, hers	les siens les siennes
ours	les nôtres les nôtres

yours	les vôtres les vôtres
theirs	les leurs les leurs

☆

Possessive Adjectives

my	mon, ma mes
your familiar	ton, ta tes
your formal	vôtre, vos
his, her, its	son, sa ses
our	nôtre nos
your	vôtre, vos
their	leur, leur, leurs

☆☆☆☆

Interrogative Pronouns۔ سوالیہ ضمائر

ایسا لفظ جو سوال کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ جیسے کہاں، کیوں، کیسے وغیرہ

Quel est votre nom? — تمہارا نام کیا ہے

Où sommes nous? — ہم کہاں ہیں

Qui est ton père? — تمہارا باپ کون ہے

ان جملوں میں quel، Où اور qui سوالیہ فرانسیسی ضمائر ہیں۔

☆

مندرجہ ذیل ٹیبل ملاحظہ فرمائیں۔

where?	où?	او	کہاں؟
who?	qui?	کی	کون؟
what?	quoi?	کوآ	کیا؟
which?	quel?	کیل	کونسا
which one?	lequel?	لے کیل	کونسا(ایک)

☆

نوٹ:

quel اور lequel کے استعمال کا انحصار جنس و عدد پر ہوتا ہے۔

☆☆☆

French Relative Pronouns

یہ دو جملوں کو جوڑنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

انگریزی	فرانسیسی	معنی
who	qui	کون
that	que	کہ (جو کہ)
which	lequel, laquelle, lesquelles	کون سا
where	où	کہاں
whose	dont	کس کا

☆☆☆

غیر معین ضمائر

(INDEFINITE PRONOUNS)

any (m.f.)	aucun / une	اوکاں ایون (آن)	کوئی (مرد و عورت)
the other	autre	اوتغ	دوسرا
others	autrui	اوتغوئی	دوسروں
some people	certains	سرتیں	کچھ لوگ
everyone / each one	chacun/une	شاکوں ۔ ایون	ہر ایک، ہر کوئی
each person	chaque	شیک	ہر شخص
various people	divers	دیویغ	مختلف لوگ
many	mainte	مینت	کئی
whatever	n'importe quel	نیں پورت کیل	جس قدر
whoever	n'importe qui	نیں پورت کی	جو بھی
nobody	pas un	پاساں	کوئی نہیں
few things	peu de chose	پیو دو شوز (س)	چند چیزیں
nobody	personne	پرسون	کوئی نہیں (آدمی)
many	plusieurs	پلوزیاغ	کئی
someone	quelqu'un	کیلکاں	کوئی ایک
all	tout	تو	سب، تمام

ADJECTIVES_(اسم صفت)

تعریف:
کسی شخص، چیز یا مقام کی خوبی بیان کرنے والے لفظ کو اسم صفت کہا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر:
وسیم موٹا ہے۔ بلی کالی ہے۔ دودھ گاڑھا ہے۔ وغیرہ وغیرہ
ان جملوں میں "موٹا"، "کالی"، "گاڑھا" اسمائے صفت ہیں۔ یعنی شکل و صورت، حجم اور رنگ وغیرہ بھی اسمائے صفت ہیں۔

فرانسیسی میں اسم صفت:
فرانسیسی میں اسم صفت کی چار حالتیں کہی جا سکتی ہیں۔ کیونکہ مذکر، مونث، مذکر جمع اور مونث جمع فرانسیسی اسم صفت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

پہلا اصول:
فرانسیسی میں مونث اسم صفت بنانے کیلئے مذکر اسم صفت کے آخر میں صرف e لگا دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

Un petit garçon.	(مذکر)	ایک چھوٹا لڑکا۔
Une *petite* fille.	(مونث)	ایک چھوٹی لڑکی۔

☆

دوسرا اصول:
اگر مذکر اسم صفت کا اختتام e پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں مونث بنانے کیلئے اسم صفت میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں کی جائے گی بلکہ جوں کا توں استعمال ہوگا۔

Un travail facile

Une question facile

☆

[illegible] کی صورت میں e کا اضافہ
[illegible] شامل کر دیا جاتا ہے یعنی ll
[illegible] بھی کر سکتے ہیں کہ ایسی
[illegible] اسم صفت بن جائے

Un problème éventuel

Une solution éventuelle

☆

[illegible] کی صورت میں e کا اضافہ
[illegible] اصول کی طرح جس میں
[illegible]

پانچواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام et پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں بھی سب سے آخر میں e کا اضافہ کرنے سے پہلے t لگا کر اس کو ll اور nn کی طرح tt کا دیا جائے گا اور پھر اس کے بعد e کا اضافہ کیا جائے گا یا دوسرے الفاظ میں et پر اختتام کی صورت میں اس کے آخر میں te کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جس سے یہ مذکر اسم صفت سے مونث اسم صفت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

مثالیں:

Un homme muet.	ایک بہرہ شخص۔
Une femme *muette*.	ایک بہری عورت۔

☆

پانچویں اصول کیلئے خصوصی نوٹ:

کچھ اسمائے صفت ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں te کا اضافہ کرنے کی بجائے ان کے آخری et میں صرف e کا اضافہ کیا جاتا ہے اور یہ مونث اسمائے صفت بن جاتے ہیں مگر ایسی صورت میں et کے e کو è میں بدل دیا جاتا ہے۔ ٹیبل ملاحظہ فرمائیں۔

اسم صفت	ète کا اضافہ	معنی
complet	complète	مکمل
incomplet	incomplète	نامکمل
concret	concrète	جامد
discret	discrète	تمیز
indiscret	indiscrète	بے شعوری
inquiet	inquiète	بے چینی

replet	replète	لبریز
secret	secrète	پوشیدہ

☆☆☆

چھٹا اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام x پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں آخری x کو ختم کر کے اس کی جگہ se لگا دیا جاتا ہے اور اس کا تلفظ صرف "س" یا "ز" کے برابر لیا جاتا ہے۔ یوں یہ مذکر سے مونث اسم صفت بن جاتا ہے۔

مثالیں:

Un homme généreux. — ایک فیاض آدمی۔

Une personne généreuse. — ایک فیاض شخصیت۔

☆

ساتواں اصول:

اگر اسم صفت کے آخر میں s آ رہا ہو تو اس کے لئے صرف e کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جس سے یہ مونث اسم صفت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ تمام مندرجہ ذیل جدول میں وہ اسم صفت دیئے جا رہے ہیں جن کے آخر میں sse کے ساتھ s کو بدلا جاتا ہے یا دوسرے الفاظ میں آخری s میں se کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

اسم صفت	sse کا اضافہ	معنی
bas	basse	نیچا
gras	grasse	موٹا
las	lasse	تھکا ہوا
épais	épaisse	گاڑھا

gros	grosse	بڑا

آٹھواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام پر er ہو رہا ہو تو اسے مونث بنانے کیلئے اس کے er کو ère کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

n premier pas. پہلا قدم۔

Une première fois. پہلی بار۔

☆

نواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام f پر ہو رہا ہو تو f کی جگہ ve کا اضافہ کر دیا جاتا ہے جس سے یہ مونث میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

مثالیں:

Un garçon actif. ایک محنتی لڑکا۔

Une fille active. ایک محنتی لڑکی۔

☆

دسواں اصول:

اگر اسم صفت کے آخر میں c آ رہا ہو تو اس کو مونث بنانے کیلئے c کو ختم کر کے اس کی جگہ que کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

Le jardin public. عوامی باغ۔

Une école publique. ایک عوامی اسکول۔

گیارہواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام eur پر ہو رہا ہو تو اس کو مونث بنانے کیلئے eur کی جگہ euse کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثالیں:

Un homme trompeur.	ایک دھوکہ باز آدمی۔
Une action trompeuse.	ایک فریب عمل۔

☆

خصوصی نوٹ:

چند اسمائے صفت ایسے بھی ہیں جن کے آخر میں حرف e کا اضافہ کرنے سے وہ مونث کی تبدیلی ہو جاتے ہیں اور eur کو ختم یا euse کا اضافہ نہیں کیا جاتا۔ جیسے

ultérieur	*ultérieure*	بعد کی
antérieur	*antérieure*	پچھلا

☆☆☆

بارہواں اصول:

اگر اسم صفت کا اختتام tour پر ہو رہا ہو تو اس کو trice کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے تب جا کے مونث اسم صفت بن جاتا ہے۔

مثالیں:

Un mot modificateur.	ایک ترمیمی لفظ۔
ne condition modificatrice.	ایک ترمیمی حالت۔

☆☆☆

جمع اسم صفت:

اس کا طریقہ بہت آسان ہے اور عام طور پر......

مذکر کیلئے: "s" اسم صفت کے آخر میں لگایا جاتا ہے جبکہ

مونث کیلئے: es اسم صفت کے آخر میں لگایا جاتا ہے۔

نوٹ:

☆ اگر مذکر اسم صفت کا اختتام s یا x پر ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں جمع اسم صفت میں کوئی بھی اضافہ یا کمی نہیں کی جائے گی۔

☆ اگر اسم صفت کا اختتام eau پر ہو رہا ہو تو اس اسم صفت کو جمع بنانے کیلئے اس کے آخر میں x کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے

اسم صفت	x کا اضافہ	معنی
beau	beaux	خوبصورت
nouveau	nouveaux	نیا
jumeau	jumeaux	جڑواں

☆

☆ اگر اسم صفت کے آخر میں al آ رہا ہو تو اس کو جمع میں بدلنے کیلئے اس کے al کو ختم کر کے اس کی جگہ aux لگا دیا جاتا ہے۔

مثال:

un conte original (واحد) ایک اصلی کہانی۔

des contes originaux (جمع) اصلی کہانیاں۔

☆☆☆

متعلق فعل-(Adverb)

تعریف:

وہ لفظ جو فعل یا اسم صفت (Adjective) یا کسی دوسرے متعلق فعل (Adverb) کی خوبی بیان کرتا ہو متعلق فعل کہلاتا ہے۔

فرانسیسی متعلق فعل:

انگریزی میں متعلق فعل (ly) کے اضافہ کے بعد بن جاتا ہے اسی طرح فرانسیسی میں بھی (ment) کا اضافہ کر دینے سے الفاظ فرانسیسی متعلق فعل بن جاتا ہے۔ تاہم اس کے باوجود چند اصول بھی ذہن نشین رکھے جاتے ہیں۔

پہلا اصول:

اگر کوئی اسم صفت (Adjective) کسی حروف صحیح پر ختم ہو رہا ہو تو اسے متعلق فعل بنانے کیلئے اس کی مونث شکل کے آخر میں ment لگایا جاتا ہے۔

	متعلق فعل		اسم صفت
نرمی	doucement	نرم	doux, douce
صاف دلی سے	franchement	صاف دل	franc, franche

دوسرا اصول:

اگر اسم صفت (Adjective) کا اختتام کسی حرف علت (Vowel) پر ہو تو اس کی مذکر شکل میں ment لگایا جاتا ہے۔

متعلق فعل-(Adverb)	اسم صفت-(Adjective)
vraiment سچائی سے	vrai سچا
simplement سادگی سے	simple سادہ

تیسرا اصول:

☆ اگر کسی اسم صفت کا اختتام ant یا ent پر ہو رہا ہو تو ایسے اسم صفت کے ant یا ent والے حصے کو amment یا emment میں بدل دیا جاتا ہے۔

(Adverb)- متعلق فعل	(Adjective) اسم صفت
prudemment احتیاط سے (ہوشیاری سے)	prudent احتیاط

☆☆☆

یہاں آپ لوگوں کی مزید راہنمائی کیلئے مختلف جملے دیئے جا رہے ہیں۔

وقت سے متعلق

then	alors	آلوغ	جب، پھر
afterwards	après	آپغے	اس کے بعد
today	aujourd'hui	اوژوغدوئی	آج
at once	aussitôt	اوسی تو	ایک دفعہ
soon	bientôt	بیاں تو	جلد
first	d'abord	دابوغ	پہلے
already	déjà	ڈےژا	پہلے سے
tomorrow	demain	دومیں	کل (آنے والا)
still, again	encore	آں کوغ	تک، دوبارہ
not yet	pas encore	پاس آں کوغ	ابھی نہیں
at last, finally	enfin	آں فیں	آخرکار

yesterday	hier	اییے	کل (گزشتہ)
sometimes	parfois	پارفوا	بعض اوقات
rarely	rarement	رارے ماں	شاذونادر
often	souvent	سوواں	اکثر
late	tard	تارڑ	دیر سے
early	tôt	تو	پہلے کا
always	toujours	توژوغ	ہمیشہ
immediately	tout de suite	تودوسوئٹ	فوراً

☆☆☆

مقام سے متعلق

here	ici	اسی	یہاں
there	là	لا	وہاں
far away	loin	لوئیں (لواں)	دور
on top, on it	dessus	دیسو	بلندی پر (اوپر)
over, above	au-dessus	اودیسو	اوپر
underneath	dessous	دیسوۓ	نیچے
below	au-dessous	اودیسوۓ	نیچے
inside	dedans	دے داں	اندر کی طرف
outside	dehors	دیوغ	باہر کی طرف
in front, ahead	devant	دیواں	سامنے
behind	derrière	دیغی ایغ	پیچھے

where	où	أو	کہاں
everywhere	partout	پارٹو	ہر جگہ (کہیں)

☆☆☆

تعداد یا مقدار سے متعلق

hardly	à peine	آ پَین	بمشکل
enough, quite	assez	آسے	کافی
as much/ many	autant	اوتاں	کئی، بہت
a lot, much/ many	beaucoup	بوکو	بہت زیادہ
how much/ many	combien	کوں بیاں	کتنا، کتنے
how	comme	کوم	کیسا
less	moins	مواں	کم
more	plus	پلو	مزید، اور
nearly	presque	پریسک	قریباً
little	peu	پو	چھوٹا، تھوڑا
only	seulement	سولے ماں	صرف
so much/ many	tant	تاں	بہت زیادہ
very	très	ترے	بہت
too, too much/ many	trop	ترو	انتہائی زیادہ
a little	un peu	آں پو	تھوڑا، کم

☆☆☆

حروفِ جار (Prepositions)

تعریف واستعمال:

وہ لفظ جو کسی اسم یا اسم ضمیر (Pronoun) سے پہلے استعمال ہو کر اس کا تعلق کسی دوسرے اسم (Noun) یا اسم ضمیر (Pronoun) سے ظاہر کرے اسے حرفِ جار کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر انگریزی کے چند حروفِ جار مندرجہ ذیل ہیں۔

to, on, after, upon وغیرہ

فرانسیسی حروفِ جار کا مکمل ملاحظہ فرمائیں:

since	depuis	دوپوئی	اس وقت سے
inside	à l'intérieur	آلیں ٹے ریورغ	اندر کی طرف
under	sous	سو	اندر، نیچے
above	au-dessus	اودیسو	اوپر
before	devant	دیواں	آگے
outside	au-dehors	اودیوغ	باہر کی جانب
after	après	آپرے	بعد
upon	sur	سوغ	پر
before	avant	آواں	پہلے
behind	derrière	ڈیری ایغ	پیچھے
until	jusqu'à	ژوسکا	جب تک
against	contre	کونتغ	خلاف
between	entre	آنتغ	درمیان

among	parmi	پارمی	درمیان
with	avec	آویک	ساتھ
except	exceptez	ایکسیپٹے	سوا
of, from	de, de	دودو(دے)	سے
near	proche	پروش	قریب
to	à	آ	کو
instead of	au lieu de	اولیودو	بجائے
towards	vers	ویغ	کی جانب
after	après	آپرے	بعد
without	sans	ساں	کے بغیر
in front of	devant	دیواں	کے سامنے
according to	d'après	داپرے	کے مطابق
for	pour	پوغ	لئے (کیلئے)
about	au sujet de	اوسوژے دو	متعلق
in	dans	داں	میں
beside	à côté de	آکوتے دو	نزدیک

☆☆☆

الفاظ متضاد

فرانسیسی	تلفظ	معنی
bon	بوں	اچھا
mauvais	موویے	برا
bon marché	بوں مارشے	سستا
cher	شے	مہنگا
correct	کوریکٹ	درست
mal	مال	غلط
grand	گراں	بڑا
petit	پیٹی	چھوٹا
chaud	شو(د)	ٹھنڈا
froid	فروا(د)	گرم
proche	پروش	دور
loin	لواں	نزدیک
ouvert	اوویغ	کھلا
fermé	فیغ مے	بند
facile	فاسیل	آسان
difficile	ڈیفیسیل	مشکل
plein	پلیں	بھرا ہوا
vide	ویڈ	خالی

lourd léger	لورغ لیوے	بھاری ہلکا
beau laid	بو لے(د)	خوبصورت بدصورت
vieux jeune	ویؤ ژون	بوڑھا جوان
mal bien	مال بئیں	بیمار تندرست

☆☆===☆===☆☆

فرانسیسی افعال اور زمانے (Verbs)

فرانسیسی افعال:

فرانسیسی میں با قاعدہ اور بے قاعدہ دونوں طرح کے افعال موجود ہیں تاہم ایسے افعال جن کا اختتام er پر ہوتا ہے ان کی تعداد سب سے زیادہ ہے اور یہ با قاعدہ افعال کہلاتے ہیں۔

زمانہ حال کے جملے: (با قاعدہ)

زمانہ حال میں آخری er رکھنے والے افعال کے er کو جدول میں دیئے گئے مندرجہ ذیل حروف سے بدل دیا جاتا ہے۔

☆ یہاں یہ بھی یاد رکھئے کہ فرانسیسی میں: میں کام کرتا ہوں۔۔۔ میں کام کر رہا ہوں۔۔۔۔۔ ان دونوں میں کوئی فرق موجود نہیں یعنی دونوں کیلئے ایک ہی طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ انگریزی کی طرح ing والا طریقہ استعمال نہیں ہوتا۔ جدول ملاحظہ فرمائیں۔

فاعل	اختتام	مثال (Example)
je (میں)	e	je travaille. میں کام کرتا ہوں / کر رہا ہوں۔
tu (تم)	es	tu travailles.
il (وہ مرد) elle (وہ عورت) on (ہم)	e	il travaille. elle travaille. on travaille.
nous (ہم)	ons	nous travaillons.
vous (آپ)	ez	vous travaillez.
ils (وہ لوگ) elles (وہ عورتیں)	ent	ils travaillent. elles travaillent.

بے قاعدہ افعال (ÊTRE اور Avoir)

ÊTRE کا استعمال:

فرانسیسی میں بے قاعدہ فعل ÊTRE کا استعمال عام ہے اور یہ انگریزی کے فعل to be جبکہ اردو کے "ہونا" کے برابر ہے۔

مندرجہ ذیل مثالوں کے معنی "میں ہوں، تم ہو، ہم ہیں (یا تھے یا ہوں گے) وغیرہ ہیں۔

Present	Imperfect
Je suis	J'étais
Tu es	Tu étais
Il est	Il était
Nous sommes	Nous étions
Vous êtes	Vous étiez
Ils sont	Ils étaient

Past	Future
Je fus	Je serai
Tu fus	Tu seras
Il fut	Il sera
Nous fûmes	Nous serons
Vous fûtes	Vous serez

Ils furent	Ils seront
Past Perfect	**Present Perfect**
J'avais été	J'ai été
Tu avais été	Tu as été
Il avait été	Il a été
Nous avions été	Nous avons été
Vous aviez été	Vous avez été
Ils ont été	Ils ont été

☆

Future Perfect:	**Literary Past Perfect:**
J'aurai été	J'eus été
Tu auras été	Tu eus été
Il aura été	Il eut été
Nous aurons été	Nous eûmes été
Vous aurez été	Vous eûtes été
Ils auront été	Ils eurent été

☆☆☆

Avoir کا استعمال

فرانسیسی بے قاعدہ فعل avoir کا استعمال بھی عام ہے اور یہ انگریزی کے فعل to have جبکہ اردو میں ''رکھنا'' کے برابر ہے۔ جیسے میں رکھتا ہوں یا میرے پاس ہے وغیرہ۔

مندرجہ ذیل مثالوں کے معنی: میں رکھتا ہوں، تم رکھتے ہو، ہم رکھتے ہیں......
رکھتے تھے، یا رکھ چکے تھے، یا رکھیں گے وغیرہ ہیں (حال، مستقبل، ماضی)

Imperfect	Present
J'avais	J'ai
Tu avais	Tu as
Il avait	Il a
Nous avions	Nous avons
Vous aviez	Vous avez
Ils avaient	Ils ont

Future	Past
J'aurai	J'eus
Tu auras	Tu eus
Il aura	Il eut
Nous aurons	Nous eûmes
Vous aurez	Vous eûtes
Ils auront	Ils eurent

Past Perfect:	Present Perfect:
J'avais eu	J'ai eu
Tu avais eu	Tu as eu
Il avait eu	Il a eu
Nous avions eu	Nous avons eu
Vous aviez eu	Vous avez eu
Ils avaient eu	Ils ont eu
Future Perfect	**Literary Past Perfect**
J'aurai eu	J'eus eu
Tu auras eu	Tu eus eu
Il aura eu	Il eut eu
Nous aurons eu	Nous eûmes eu
Vous aurez eu	Vous eûtes eu
Ils auront eu	Ils eurent eu
Past Conditional	**Present Conditional**
J'aurais eu	J'aurais
Tu aurais eu	Tu aurais
Il aurait eu	Il aurait
Nous aurions eu	Nous aurions
Vous auriez eu	Vous auriez
Ils auraient eu	Ils auraient

زمانہ حال کے جملے (Present)

ایسے فرانسیسی افعال جن کا اختتام er وغیرہ حروف پر ہوتا ہے انہیں زمانہ حال کے جملوں میں استعمال کرنے کیلئے جدول میں دیے گئے حروف کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ یاد رکھئے یہ تبدیلی ضمائر کو سامنے رکھ کر کی جاتی ہے۔

پہلا گروپ -er	دوسرا گروپ -ir	تیسرا گروپ -re
e	is	s
es	is	s
e	it	
ons	issons	ons
ez	issez	ez
ent	issent	ent

مثالیں

aimer - پسند کرنا (er)	finir - ختم کرنا (ir)	واپس دینا۔ render
J'aime	Je finis	Je rends
Tu aimes	Tu finis	Tu rends
Il aime	Il finit	Il rend
Nous aimons	Nous finissons	Nous rendons
Vous aimez	Vous finissez	Vous rendez
Ils aiment	Ils finissent	Ils rendent

زمانہ ماضی کے جملے (Past)

ایسے فرانسیسی افعال جن کا اختتام er وغیرہ حروف پر ہوتا ہے انہیں زمانہ ماضی کے جملوں میں استعمال کرنے کیلئے عمل میں دیئے گئے حروف کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ یہاں بھی ضمائر کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

تیسرا گروپ-re	دوسرا گروپ-ir	پہلا گروپ-er
is	is	ai
is	is	as
it	it	a
îmes	îmes	âmes
îtes	îtes	âtes
irent	irent	èrent

مثالیں

rendre واپس دینا	finir - ختم کرنا	aimer - پسند کرنا
Je rendis	Je finis	J'aimai
Tu rendis	Tu finis	Tu aimas
Il rendit	Il finit	Il aima
Nous rendîmes	Nous finîmes	Nous aimâmes
Vous rendîtes	Vous finîtes	Vous aimâtes
Ils rendirent	Ils finirent	Ils aimèrent

زمانہ مستقبل کے جملے (Future)

ایسے افعال جن کا اختتام er وغیرہ حروف پر ہوتا ہے انہیں زمانہ مستقبل کے جملوں میں استعمال کرنے کیلئے ٹیبل میں دیے گئے حروف کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔
یہاں بھی ضمائر کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

پہلا گروپ -er	دوسرا گروپ -ir	تیسرا گروپ -re
-erai	-irai	-rai
-eras	-iras	-ras
-era	-ira	-ra
-erons	-irons	-rons
-erez	-irez	-rez
-eront	-iront	-ront

مثالیں

aimer - پسند کرنا	finir - ختم کرنا	rendre واپس دینا
J'aimerai	Je finirai	Je rendrai
Tu aimeras	Tu finiras	Tu rendras
Il aimera	Il finira	Il rendra
Nous aimerons	Nous finirons	Nous rendrons
Vous aimerez	Vous finirez	Vous rendrez
Ils aimeront	Ils finiront	Ils rendront

منفی جملے-(Negative)

فرانسیسی منفی اظہار:

ویسے تو فرانسیسی میں منفی اظہار کے کئی طریقے استعمال ہوتے ہیں تاہم عام طریقہ ne ... pas ہے۔جس کے معنی "نہیں" (not) کے ہیں۔اس کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔

ne (Verb) +فعل + pas

یادرکھیں:

اگر ne کے بعد آنے والا لفظ یا فعل وغیرہ کسی حرف علت یا h سے شروع ہو رہا تو ایسی صورت میں یہ 'n' بن جاتا ہے۔

پہلا اصول:(سادہ فقرہ)

☆سادہ جملوں میں ne فعل سے پہلے آتا ہے جب کہ اس کا دوسرا حصہ یعنی pas اس کے بعد۔

☆اسی طرح دوسرے منفی الفاظ جیسے ،کبھی نہیں ، کچھ بھی نہیں وغیرہ وغیرہ ان سب کیلئے بھی یہی طریقہ ہے۔اہم منفی الفاظ کا ٹیبل نیچے دیا جا رہا ہے اور اس کے بعد ان کی مثالوں سے مزید وضاحت بھی کی گئی ہے۔

ٹیبل-1

ne ... pas	نہیں	ne ... jamais	کبھی نہیں
ne ... point	ہرگز نہیں	ne ... rien	کسی صورت نہیں
ne ... plus	مزید نہیں	ne ... guère	بمشکل

☆

تکمیل نمبر دوم

ne ... personne	ایک بھی نہیں (کوئی نہیں)	ne ... ni	نہ یہ نہ وہ
ne ... que	فقط (صرف)	ne ... aucun(e)	کوئی نہیں
ne ... nulle part	کہیں نہیں		

☆

مثالیں:

Je ne la connais pas. — میں اسے نہیں جانتا ہوں۔

N'insistez pas! — ضد مت کرو!

Je n'ai plus d'argent. — میرے پاس کوئی رقم باقی نہیں بچی۔

Tu ne le sauras jamais! — تم کبھی بھی نہیں جانو گے۔

Je n'avais que dix francs. — میرے پاس صرف دس فرانک ہیں۔

Ce n'est ni noir ni bleu! — یہ نہ کالا ہے نہ نیلا۔

Il n'est nulle part. — یہ کہیں نہیں ہے۔

☆☆☆

دوسرا اصول:

☆ فعل مطلق کے ساتھ تمام منفی الفاظ (جو تکمیل نمبر 1 میں دیے گئے ہیں) فعل سے پہلے اکٹھے ہی استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے

Essaie de ne rien perdre. — کوئی چیز ضائع کرنے کی کوشش مت کرو۔

☆

☆ جبکہ دوسرے تکمیل میں دیے گئے منفی الفاظ کا طریقہ اصول نمبر ایک کے

مطابق عمل رہے گا۔

تیسرا اصول:

☆ دوسرے تحلیل میں دیئے گئے منفی الفاظ اگر جملے کے شروع میں استعمال کیے جا رہے ہوں تو ایسی صورت میں ان کا ne والا حصہ ان کے دوسرے لفظ یا حصے کے بعد آئے گا۔ جیسے

Personne ne le sait. — کوئی نہیں جانتا۔

Rien n'a changé. — کچھ بھی نہیں بدلا۔

☆

چوتھا اصول:

فعل (verb) کے بغیر بھی منفی اظہار کیا جا سکتا ہے اس کیلئے صرف pas کو استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر۔

Tu l'aimes ? -- *Pas beaucoup.* — کیا تم اسے پسند کرتے ہو۔ زیادہ نہیں۔

Non merci, pas pour moi. — نہیں شکریہ، میرے لئے نہیں۔

J'aime ça; pas toi? — میں وہ پسند کرتا ہوں۔ کیا تم نہیں کرتے؟

☆

Non کا استعمال:

اگر جوابی جملے میں فعل (verb) استعمال نہ ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں منفی اظہار کیلئے non بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر:

Tu aimes la natation? — کیا تم تیرنا پسند کرتے ہو؟

Non, pas du tout. — نہیں، ہرگز نہیں۔

☆☆☆

سوالیہ فقرے (Question)

فرانسیسی سوالیہ فقرے:

فرانسیسی میں سوال کے اظہار کے متعدد طریقے ہیں تاہم تین عام طریقوں سے فقروں کو سوالیہ بنایا جاتا ہے۔

پہلا طریقہ:

☆اس میں پہلے فاعل (subject) پھر فعل (verb) اور پھر سوالیہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔یعنی

فاعل + فعل + سوالیہ لفظ

کیا یہاں نزدیک ریلوے اسٹیشن ہے؟ La gare est près d'ici?

☆

دوسرا طریقہ:

☆اس میں پہلے سوالیہ لفظ، پھر فعل اور اس کے بعد فاعل لگایا جاتا ہے یعنی

سوالیہ لفظ + فعل + فاعل

کیا آپ اچھا کام کرتے تھے؟ Avez-vous bien travaillé?

☆

تیسرا طریقہ:

☆اس طریقے میں سب سے پہلے سوالیہ لفظ پھر est-ce que اور اس کے بعد فاعل اور اس کے بعد فعل لگایا جاتا ہے یعنی:

سوالیہ لفظ est-ce que + فاعل + فعل

کیا وہ وہاں ہے؟ Est-ce qu'il est là?

فرانسیسی سوالیہ الفاظ و استعمال و اصول:

Qui: (کس کا، کون)

فرانسیسی لفظ qui جس کے معنی (کس کا، کون) کے ہیں اس کو حرف جار کے بعد بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Qui t'a accompagné?	تمہارے ساتھ کون تھا؟
À qui as-tu téléphoné?	تم نے کس کو فون کیا؟
Tu y vas avec qui?	تم کس کے ساتھ جا رہے ہو؟

☆

Qui کیلئے خصوصی نوٹ:

یاد رکھئے کہ اگر qui سے اگلا لفظ، چاہے وہ حرف علت سے ہی شروع ہو رہا ہو، اس کے کسی بھی حرف کو ختم نہیں کیا جائے گا یعنی یہ qui ہی رہے گا چاہے اس سے اگلے لفظ کا پہلا حرف a,e,i,o,u ہی ہو۔ مثلاً

Qui est-ce qu'elle attend?	وہ کس کا انتظار کر رہی ہے؟

☆ qui کو qui est-ce qui اور qui est-ce que کے ساتھ بھی بدلا جا سکتا ہے تاہم معنی وہی رہیں گے۔

☆

Que (کیا):

"کیا" کا استعمال چیزوں کا حوالہ دینے کیلئے کیا جاتا ہے اور یہ حرف جار کے بعد استعمال نہیں ہو سکتا۔ مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

Que désirez-vous?	تمہاری خواہش کیا ہے؟
Qu'a-t-il dit?	اس نے کیا کہا تھا؟

☆

نوٹ:

que کو qu'est-ce qui اور qu'est-ce que کے ساتھ بھی بدلا جاسکتا ہے۔ مثلاً

اس کے ساتھ کیا ہوا؟ What happened to him?

☆

Quoi (کیا):

اس کا استعمال بھی چیزوں کا حوالہ دینے کیلئے کیا جاتا ہے۔ ماسوائے que اور qu'est-ce que کے، اس کو حرف جار (Preposition) کے بعد لگایا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر:

تم کیا سوچ رہے ہو؟ À *quoi* penses-tu?

☆

☆ بے واسطہ سوال کی صورت میں:

اس سے پوچھو، اسے کیا ضرورت ہے؟

Demandez-lui de *quoi* il a besoin.

☆

ce qui اور ce que (کیا)

☆ ان دونوں کا استعمال صرف بے واسطہ سوالات کیلئے کیا جاتا ہے۔

(1) ce qui بے واسطہ سوال میں فعل کے فاعل کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے

ہم کبھی نہیں جانیں گے کہ کیا ہوا؟

Nous ne saurons jamais ce qui s'est passé.

☆

(2) ce que بے واسطہ سوال میں فعل کے object کے طور پر استعمال ہوتا

ہے۔ مثال کے طور پر:

میں نہیں جانتا تھا، وہ کیا کر رہا تھا؟

Je n'ai pas remarqué ce qu'il faisait.

☆

یاد رکھیے:

اگر ce que سے اگلی آنے والا فرانسیسی لفظ کسی حرف علت (vowel) یا خاموش حرف h سے شروع ہو رہا تو ایسی صورت میں que کے آخر e کی جگہ ' لگا دیا جاتا ہے یعنی: ce qu'

☆☆☆

شرطیہ جملے (Conditional)

فرانسیسی شرطیہ جملے:

فرانسیسی میں شرطیہ جملے بنانے کیلئے متعدد طریقے استعمال کیے جاتے ہیں بہرحال یہ زیادہ مشکل نہیں۔

☆☆ فرانسیسی میں اگر (if) کیلئے "si" استعمال کیا جاتا ہے۔

زمانہ حال اور مستقبل کیلئے:

☆ شرطیہ جملے کے دو حصے ہوتے ہیں جن میں پہلا حصہ شرط والا ہوتا ہے۔ اگر پہلا حصہ زمانہ حال میں ہوتو پھر دوسرا حصہ بھی زمانہ حال یا زمانہ مستقبل میں ہوگا۔

☆ اس کے علاوہ شرطیہ جملے کے دوسرے حصہ میں مشورہ یا نصیحت بھی دی جا سکتی ہے۔

مثالیں:

اگر برفباری ہوتی ہے تو ہم باہر نہیں جاتے۔

S'il neige, nous ne sortons pas.

اگر برفباری ہوتی ہے تو ہم باہر نہیں جائیں گے؟

S'il neige, nous ne sortirons pas.

S'il neige, ne sortez pas. (جانا) اگر برفباری ہوتی ہے تو باہر مت جاؤ۔

☆

زمانہ ماضی کیلئے:

مثال ملاحظہ فرمائیں:

Si j'avais su, je n'aurais rien dit. اگر میں جان جاتا تو میں کچھ نہیں کہتا

فرانسیسی میں "کچھ" کا استعمال

مذکر کیلئے:

اگر فرانسیسی لفظ مذکر ہو، جیسے مثال کے طور پر چاکلیٹ (chocalat) اور اس کے ساتھ حرف تنکیر le استعمال ہو رہا ہو یعنی le chocolat تو ایسی صورت میں "کچھ" کیلئے "ڈو du" استعمال کیا جاتا ہے۔ جو انگریزی کے لفظ some کے برابر ہے۔

مثالیں:

فرانسیسی الفاظ	معنی	انگریزی معنی
du pain	کچھ روٹی	some bread
du café	کچھ کافی	some coffee
du jus d'orange	کچھ سنترے کا رس	some orange juice
du chocolat	کچھ چاکلیٹ	some chocolate
du thé	کچھ چائے	some tea

مونث کیلئے:

اگر کوئی فرانسیسی لفظ مونث ہو، جس کی پہچان la سے ہوتی ہے یعنی حرف تنکیر "لا" استعمال ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں "کچھ" کے لئے فرانسیسی حروف "ڈو لا" du la استعمال کیے جاتے ہیں۔

مثالیں:

فرانسیسی	معنی	انگریزی معنی
de la confiture	جام	some jam

some ice cream	آئس کریم	de la glace

نوٹ: مذکر و مونث کی پہچان اور حرف تنکیر کے استعمال کیلئے حروف تنکیر کا سبق دیکھیں۔

☆☆☆

جمع کیلئے: جیسا کہ حروف تنکیر کے اسباق میں بھی بتایا گیا ہے کہ فرانسیسی میں جمع کے وقت مذکر و مونث کے حروف تنکیر بدل جاتے ہیں چنانچہ "کچھ" کے استعمال کے دوران بھی اگر جمع کی صورت میں کوئی حرف تنکیر استعمال ہوگا تو وہ جمع کے لحاظ سے ہوگا۔ تاہم جمع کیلئے فرانسیسی میں جمع کے موقع پر خواہ وہ مذکر ہو یا مونث ایک ہی حرف تنکیر استعمال کیا جائے گا یعنی des- یا انگریزی کے لفظ some کے برابر ہے۔

انگریزی معنی	معنی	فرانسیسی
some chocolates	کچھ چاکلیٹس	des chocolats
some girls	کچھ لڑکیاں	des filles
some boys	کچھ لڑکے	des garçons

حرف علت کیلئے: جب فرانسیسی لفظ حرف علت سے شروع ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں "کچھ" کی بجائے حرف de l' استعمال کریں۔

انگریزی معنی	معنی	فرانسیسی
some onion	کچھ پیاز	de l'oignon

some water	کچھ پانی	de l'eau

☆☆☆

avoir besoin de کے موقع پر:

ابھی تک تو صرف فرانسیسی الفاظ پر بات ہو رہی تھی تاہم اب یہاں avoir besoin de کے موقع پر "کچھ" کے استعمال کا طریقہ بیان کیا جا رہا ہے۔ avoir besoin de فرانسیسی فعل ہے جس کا مطلب "ضرورت ہونا" یا انگریزی کے to need کے برابر ہے۔ اگر اس کے ساتھ "کچھ" کا اظہار کرنا ہو تو ایسی صورت میں صرف de کو استعمال کیا جائے گا۔ مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

مثالیں:

J'ai besoin de sucre.
I need some sugar.
مجھے کچھ چینی کی ضرورت ہے۔

Il a besoin de pain.
He needs some bread.
اسے کچھ روٹی کی ضرورت ہے۔

Ils ont besoin de chaises.
They need some chairs
ان کو کچھ کرسیوں کی ضرورت ہے۔

Elle a besoin d'argent.
She needs some money
اسے کچھ (مونث) رقم کی ضرورت ہے۔

☆☆☆

"اور" یا "اکثر یا زیادہ" (More) کا فرانسیسی میں استعمال

طریقہ:

فرانسیسی میں انگریزی لفظ more کے اظہار کے کئی طریقے ہیں جو کہ موقع محل کے لحاظ سے استعمال میں لائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ جن کیلئے استعمال کر رہے ہیں ان کی وسعت و مقدار کیا ہے یا ان کا رتبہ کیا ہے۔ بہر کیف یہاں میں صرف وہی طریقے دے رہا ہوں جن کا استعمال بچاتوے فیصد سے بھی زائد ہے اور یہی عام استعمال کے طریقے بھی ہیں۔

اسم کے ساتھ:

اگر فقرے میں نام وغیرہ کا استعمال ہو رہا ہو جیسے "اور کافی یا مزید کافی" وغیرہ تو مندرجہ ذیل طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔

plus de + noun or noun phrase

encore du/de la/des + *noun or noun phrase*

اگر لفظ کا آغاز حرف علت "vowel" سے ہو رہا تو ایسی صورت میں de اور la کو d' اور l' میں بدل دیا جاتا ہے۔ مزید وضاحت کیلئے اگلے صفحے پر دیا گیا ٹیبل ملاحظہ فرمائیں۔

دائیں سے بائیں:

With encore	With plus	اسم کی قسم
encore du café اور کافی encore du lait اور دودھ	plus de café اور کافی plus de lait اور دودھ	مذکر
encore de la confiture اور جام	plus de confiture اور جام	مونث
encore de l'eau اور پانی	plus d'eau اور پانی	حرف علت کے ساتھ شروع
encore des pommes اور سیب	plus de pommes اور سیب	جمع
encore des animaux اور جانور	plus d'animaux اور جانور	جمع میں حرف علت کے ساتھ شروع

نوٹ:

"اور" کا لفظ کثرت کے اظہار کیلئے استعمال ہوا ہے۔

جسمانی یا ذہنی کام کیلئے:

اس سے مراد یہ ہے کہ جیسا پہلے ہم نے صرف اسم کے ساتھ "اور" کا استعمال کیا مگر یہاں کسی حرکت یا ذہنی تھکان دینے والے لفظ کے استعمال کے دوران "اور" کا طریقہ بیان کیا جائے گا۔ اس کے لئے فرانسیسی لفظ plus استعمال کیا جائے گا۔

plus = اور یا مزید

مثالیں:

ایک اور دلچسپ فلم۔

un film plus intéressant

a more interesting film

وہ مزید احتیاط سے سنتا ہے۔

Il écoute plus attentivement

He listens more carefully

☆☆☆

اور.....زیادہ یا اس سے بھی زیادہ:

جس طرح انگریزی میں more... than کا استعمال کیا جاتا ہے اسی طرح فرانسیسی میں بھی plus ... que کو استعمال کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

پہلی فلم سے زیادہ دلچسپ فلم۔

un film plus intéressant que le premier

a more interesting film than the first (one)

وہ مجھ سے زیادہ احتیاط سے سنتا ہے۔

Il écoute plus attentivement que moi

He listens more carefully than me1

☆☆☆

"کوئی" Any کا فرانسیسی میں استعمال

"کوئی" کا استعمال:

"کوئی" کا استعمال سوالیہ اور منفی دونوں اظہاروں کے دوران کیا جاتا ہے۔ فرانسیسی میں اس کا طریقہ بہت آسان ہے۔ دونوں طریقے مندرجہ ذیل ہیں۔

منفی فقرے کے دوران:

"کوئی" کیلئے صرف de فرانسیسی لفظ کو استعمال کیا جاتا ہے۔ تاہم یاد رکھئے کہ جب de سے اگلا لفظ کسی حرف علت vowel سے شروع ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں de کے e کو خارج کر دیا جائے گا یعنی لکھا جائے 'd۔ وضاحت کیلئے مثالیں دیکھیں۔

مثالیں:

Elle ne veut pas de pain. — وہ کوئی روٹی نہیں چاہتا ہے۔

She doesn't want any bread.

Il n'a pas de sucre. — اس کے پاس کوئی چینی نہیں ہے۔

He doesn't have any sugar.

Je n'ai pas d'argent. — میرے پاس کوئی پیسہ (رقم) نہیں ہے۔

I don't have any money.

☆☆☆

نوٹ:

آخری فقرے میں 'd کا استعمال بھی دیکھیں۔

سوالیہ فقرے کے دوران:

فرانسیسی میں سوالیہ جملوں میں "کوئی" کا استعمال "کچھ" کی طرح ہی ہے اس مقصد کیلئے فرانسیسی میں مندرجہ ذیل الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔

du, de la, des

وضاحت کیلئے یہاں سادہ جملوں کے ساتھ سوالیہ جملہ بھی دیا جارہا ہے تاکہ فرق واضح ہو سکے۔

مثالیں:

Elle a du pain. — اس کے پاس کچھ روٹی ہے۔

She has some bread.

Est-ce que'elle a du pain? — کیا وہ کوئی (کچھ) روٹی حاصل کر سکتی ہے؟

Has she got any bread?

☆

Il veut de l'eau. — وہ کچھ پانی چاہتا ہے۔

He wants some water.

Est-ce qu'il veut de leau? — کیا وہ کوئی (کچھ) پانی چاہتا ہے؟

Does he want any water?

☆☆☆

This & That "یہ" اور "وہ"

کا فرانسیسی میں استعمال

فرانسیسی میں ان کیلئے ce مذکر لفظ سے پہلے استعمال ہوتا ہے جبکہ cette کا مونث لفظ سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ یہ اور وہ کے اظہار کے دوران حرف تنکیر جیسے le اور la کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ جیسے لڑکا le garçon

مذکر کی مثالیں:

ce garçon	یہ / وہ لڑکا
ce train	یہ / وہ ریل گاڑی

نوٹ:

فرانسیسی میں "ریل گاڑی" train مذکر ہے۔

☆☆☆

مونث کی مثالیں:

cette fille	یہ / وہ لڑکی
cette maison	یہ / وہ گھر

☆☆☆

حرف علت کی صورت میں:

اگر مذکر یا مونث کا لفظ کسی حرف علت vowel سے شروع ہو رہا ہو تو ایسی

صورت میں یہ طریقہ استعمال ہوگا۔

cet homme	یہ/وہ آدمی
cette eau	یہ/وہ پانی

کیونکہ اگر ہم صرف آدمی کی فرانسیسی دیکھیں تو وہ یہ ہے۔

l'homme

اس میں la homme سے la حرف تنکیر کو ' سے بدل دیا گیا تھا اس لیے جب ''اس یا وہ'' کا اظہار کیا گیا تو cet کو استعمال کیا گیا۔

☆☆☆

یہ/وہ (زیادہ) These/ Those کا

فرانسیسی میں استعمال

واحد کی صورت میں:

پچھلے سبق میں بتایا گیا ہے کہ فرانسیسی میں یہ اور وہ دونوں میں فرق واضح کرنے کیلئے کوئی علیحدہ سے الفاظ استعمال نہیں کیے جاتے بلکہ مذکر کیلئے ce اور مونث لفظ cette کو استعمال کیا جاتا ہے جس کا مطلب یہ this بھی ہے اور وہ that بھی۔

جمع کی صورت میں:

جمع کی صورت میں فرانسیسی میں صرف ایک لفظ ces ہی استعمال کیا جاتا ہے جس کا مطلب یہ (زیادہ) these بھی ہے اور وہ (زیادہ) those بھی۔ اور یہ مذکر اور مونث دونوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ces garçons	یہ/وہ لڑکے
ces maisons	یہ/وہ گھروں (گھر زیادہ)

"میں" "I" کا فرانسیسی میں اظہار

فرانسیسی میں بھی "میں" کا استعمال بہت آسان ہے۔ فرانسیسی میں ایسے افعال جن کا اختتام "er" پر ہوتا ہے۔ ان میں سے اگر "r" کو ختم کر دیا جائے اور فعل سے پہلے "je" کا استعمال کیا جائے تو یہ اس سے زمانہ جاری کا یا سادہ جملہ بن جاتا ہے جیسے، میں کھا رہا ہوں، میں کھیل رہا ہوں وغیرہ۔

مندرجہ ذیل افعال اور پھر ان کا استعمال ملاحظہ فرمائیں۔

فرانسیسی	انگریزی معنی	اردو معنی
travailler	to work	کام کرنا
jouer	to play	کھیلنا
manger	to eat	کھانا
regarder	to watch	دیکھنا
demander	to ask	پوچھنا
parler	to speak, talk	بولنا، بات کرنا
donner	to give	دینا

نوٹ:

فرانسیسی لفظ "je" کا معنی "میں I" ہے۔

استعمال:

Je travaille. — میں کام کر رہا ہوں۔

Je joue. — میں کھیل رہا ہوں۔

Je regarde. — میں دیکھ رہا ہوں۔

"تو" اور "tu" اور "وو" اور "vous" کا استعمال

ان دونوں فرانسیسی الفاظ کا معنی "تم" ہے۔ ان دونوں کا استعمال موقع کی مناسبت سے کیا جاتا ہے۔ جیسے انگریزی میں "you" کسی کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں، چاہے وہ عمر میں چھوٹا، بڑا ہو یا اہم شخصیت رکھتا ہو۔ اردو کی اگر ہم بات کریں تو "بزرگوں"، اساتذہ، والدین، والدہ وغیرہ کیلئے ہم "آپ" کا لفظ استعمال کرتے ہیں جبکہ دوستوں وغیرہ کیلئے "تم" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

tu کا استعمال:

فرانسیسی میں "تو" کا استعمال بچوں، جانوروں، دوستوں وغیرہ کیلئے کیا جاتا ہے۔ اردو میں اس کا معنی "تم یا تو" کہہ سکتے ہیں۔

vous کا استعمال:

فرانسیسی میں "وو" کا استعمال "بزرگوں" اساتذہ، معروف شخصیات، اجنبیوں وغیرہ کیلئے کیا جاتا ہے۔ اردو میں اس کا معنی "آپ" کہہ سکتے ہیں۔

ایک سے زائد افراد کیلئے:

ایک سے زائد افراد کیلئے بھی vous استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور فرانسیسی لفظ "on" کو بھی استعمال کیا جاتا ہے جس کے معنی "تم سب" کے ہیں۔

نوٹ:

اگر آپ "tu" اور "vous" کی کشمکش سے بچنا چاہتے ہیں تو اس کا بہترین حل یہ ہے کہ آپ "vous" کا ہی استعمال کیجئے۔ کیونکہ اس سے عزت افزائی کا اظہار ہوتا ہے۔ (اگر آپ فرانسیسی میں نئے ہیں تو۔)

فرانسیسی "اَں" en کا استعمال

استعمال:

اس کا استعمال کئی ایک جگہوں پر کیا جاتا ہے۔ عام طور پر اس کو کسی فعل سے پہلے لگایا جاتا ہے۔ اُردو میں اس کا معنی "اس کا، یہ" کے قریب تر ہے۔ جیسے ہم کہتے ہیں۔

میں اس کے لباس کا رنگ پسند کرتا ہوں۔

J'aime la couleur de sa robe.

ہم اس کو یوں بھی کہہ سکتے ہیں۔

میں اس کا رنگ پسند کرتا ہوں۔ J'en aime la couleur

☆☆☆

دیگر صورتیں:

مثالوں سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا استعمال رنگ، شکل وغیرہ کے بیان کے دوران کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کا استعمال مقدار اور تعداد کے موقع پر بھی کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

آپ کتنے سیب چاہتے ہیں۔ "میں تین چاہتا ہوں۔"

Combien de pommes voulez-vous? *J'en veux trois.*

آپ کے کتنے بھائی ہیں۔ "میرے دو بھائی ہیں۔"

Combien de frères avez-vous? *J'en ai deux.*

☆☆☆

کچھ یا کئی کے برابر:

اس کا استعمال "اس میں سے کچھ" کے معنی طور پر بھی کیا جاتا ہے۔

مثالیں:

میرے پاس کوئی دودھ نہیں ہے، لیکن میں کچھ خرید سکتا ہوں۔

Je n'ai pas de lait, mais je peux en acheter.

I don't have any milk, but I can buy some

☆

Je ne peux pas t'en donner. میں تمہیں کوئی نہیں دے سکتا۔

☆

de کے ساتھ:

فرانسیسی جملوں میں اس کا استعمال "de" والے جملے کے ساتھ بھی کیا جاتا ہے۔ ایسے جملوں میں عموماً دباؤ کا اظہار پایا جاتا ہے۔ اس کا استعمال مندرجہ ذیل فرانسیسی الفاظ کے ساتھ زیادہ ہوتا ہے جیسے "بہت زیادہ" کیلئے استعمال الفاظ دیکھئے۔

beaucoup, trop, tant....

مثال:

کیا تم بہت زیادہ سی ڈیز رکھتے ہو؟

Des CDs de Chopin, vous en avez beaucoup?

Do you have a lot of CDs?

☆☆☆

فرانسیسی جملے (Sentences)

نوٹ:

یہاں فرانسیسی جملوں کا انگریزی میں مثالوں کے ساتھ خلاصہ دیا جا رہا ہے تاکہ اردو سے نابلد افراد بھی استفادہ کر سکیں۔ تاہم اس خلاصہ کو پڑھنے سے پہلے پچھلے اسباق کو اچھی طرح ذہن نشین فرمالیں۔

Present Tenses

Présent (aimer):	Present:	Present Continuous:
J'aime	I love.	I am loving.

☆

Past Tenses

Imparfait:	Imperfect:	Past Continuous:
J'aimais	I loved.	I was loving.

Passé simple:	Past Historic:
J'aimai	I loved.

☆

Perfect Tense

Passé composé	Present Perfect	Simple Past
J'ai aimé.	I have loved.	I loved.

Future Tenses

Futur simple J'aimeral	Future I will love.	Future Continuous I will be loving

Futur proche (with aller) Je vais aimer.	Future I am going to love.

Futur antérieu J'aurai aimé	Future Perfect I will have loved

Future Perfect Continuous I will have been loving.

☆

Past Perfect Tenses

Passé antérieur J'eus aimé	Literary Past Perfect I had loved

Plus-que-parfait J'avais aimé	Past Perfect I had loved.

Past Perfect Continuous I had been loving.

Past Perfect Tenses

Passé antérieur J'eus aimé	Literary Past Perfect I had loved

Plus-que-parfait J'avais aimé	Past Perfect I had loved.

Past Perfect Continuous I had been loving.

☆

Conditionals

Conditionnel présent J'aimerais	Present Conditional I would love.

Passé du conditionnel J'aurais aimé.	Past Conditional I would have loved.

☆

Subjunctives

Présent du subjonctif que j'aime.	Present Subjunctive that I love.

Imparfait du subjonctif que j'aimasse	Imperfect Subjunctive that I loved

Passé du subjonctif que j'aie aimé.	Present Perfect Subjunctive that I would have loved.

Plus-que-parfait du subjonctif que j'eusse aimé.	Past Perfect Subjunctive that I had loved.

......☆☆......☆......☆☆......

فرانسیسی گنتی۔(Numbers)

نوٹ:

☆ قارئین اکرام! اگر آپ فرانسیسی کے بیس تک کے اعداد اور تیس، چالیس، پچاس، ساٹھ، ستر، اسی، نوے اور سو کے اعداد یاد کر لیں تو آپ با آسانی سو یا اس سے زائد گنتی بنا سکتے ہیں۔ انگریزی گنتی کی طرح یہ بھی بہت آسان ہے۔

فرانسیسی میں بیس سے آگے تک کی گنتی بنانے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

بیس+ایک=اکیس یا Twenty + One =twenty one

☆ یعنی اس میں بیس، تیس، چالیس وغیرہ کے بعد فرانسیسی ایک، دو، تین وغیرہ استعمال کر کے اکیس، بائیس .... تینتیس، چونتیس وغیرہ گنتی با آسانی بنائی جاتی ہے۔

آپ کی آسانی کیلئے مکمل گنتی کا ٹیبل دیا جا رہا ہے۔

عدد	فرانسیسی	تلفظ
0	zéro (nul)	زیرو(نول)
1	Un, une	آں،اوین
2	Deux	دو
3	trois	ترو
4	Quatre	کاتر
5	Cinq	سنک
6	Six	سس
7	Sept	سیت
8	Huit	ویت

9	Neuf	نف
10	Dix	ڈس
11	Onze	اونز
12	Douze	دوز
13	Treize	ٹریز
14	Quatorze	کیتورغ
15	Quinze	کوائنز
16	Seize	سیز
17	Dix-sept	ڈس سیت
18	Dix-huit	ڈس ویت
19	Dix-neuf	ڈس نف
20	Vingt	ویں
21	Vingt un	ویں آں
22	Vingt deux	ویں دو
23	Vingt trois	ویں تعا
24	Vingt quatre	ویں کاتخ
25	Vingt cinq	ویں سنگ
26	Vingt six	ویں سس
27	Vingt sept	ویں سیت
28	Vingt huit	ویں ویت
29	Vingt neuf	ویں نف

30	Trente	تغانت
31	Trente un	تغانت آں
32	Trente deux	تغانت دوز
33	Trente trois	تغانت تغا
34	Trente quatre	تغانت کاتغ
35	Trente cinq	تغانت سنک
36	Trente six	تغانت سس
37	Trente sept	تغانت سیت
38	Trente huit	تغانت ویت
39	Trente neuf	تغانت نف
40	Quarante	کاغانت
41	Quarante un	کاغانت آں
42	Quarante deux	کاغانت دوز
43	Quarante trois	کاغانت تغا
44	Quarante quatre	کاغانت کاتغ
45	Quarante cinq	کاغانت سنک
46	Quarante six	کاغانت سس
47	Quarante sept	کاغانت سیت
48	Quarante huit	کاغانت ویت
49	Quarante neuf	کاغانت نف
50	Cinquante	سیں کانت

51	Cinquante un	سیں کانت اَں
52	Cinquante deux	سیں کانت دو
53	Cinquante trois	سیں کانت ترا
54	Cinquante quatre	سیں کانت کاتغ
55	Cinquante cinq	سیں کانت سنک
56	Cinquante six	سیں کانت سس
57	Cinquante sept	سیں کانت سیت
58	Cinquante huit	سیں کانت ویت
59	Cinquante neuf	سیں کانت نف
60	Soixante	سوا کسانت
61	Soixante un	سوا کسانت اَں
62	Soixante deux	سوا کسانت دؤ
63	Soixante trois	سوا کسانت ترا
64	Soixante quatre	سوا کسانت کاتغ
65	Soixante cinq	سوا کسانت سنگ
66	Soixante six	سوا کسانت سس
67	Soixante sept	سوا کسانت سیت
68	Soixante huit	سوا کسانت ویت
69	Soixante neuf	سوا کسانت نف
70	Soixante-dix	سوا کسانت دس
71	Soixante-dix un	سوا کسانت دس اَں

72	Soixante-dix deux	سوا کسانت دس دو
73	Soixante-dix trois	سوا کسانت دس تی
74	Soixante-dix quatre	سوا کسانت دس کاتچ
75	Soixante-dix cinq	سوا کسانت دس سنک
75	Soixante-dix six	سوا کسانت دس سس
77	Soixante-dix sept	سوا کسانت دس سیت
78	Soixante-dix huit	سوا کسانت دس ویت
79	Soixante-dix neuf	سوا کسانت دس نف
80	Quatre-vingts	کاتچ ویں
81	Quatre-vingts un	کاتچ ویں اَں
82	Quatre-vingts deux	کاتچ ویں دو
83	Quatre-vingts trois	کاتچ ویں تقا
84	Quatre-vingts quatre	کاتچ ویں کاتچ
85	Quatre-vingts cinq	کاتچ ویں سنک
86	Quatre-vingts six	کاتچ ویں سس
87	Quatre-vingts sept	کاتچ ویں سیت
88	Quatre-vingts huit	کاتچ ویں ویت
89	Quatre-vingts neuf	کاتچ ویں نف
90	Quatre-vingt-dix	کاتچ ویں دس
91	Quatre-vingt-dix un	کاتچ ویں دس اَں
92	Quatre-vingt-dix deux	کاتچ ویں دس دو

93	Quatre-vingt-dix trois	کاتخ ویں دس ترا
94	Quatre-vingt-dix quatre	کاتخ ویں دس کاتخ
95	Quatre-vingt-dix cinq	کاتخ ویں دس سنک
96	Quatre-vingt-dix six	کاتخ ویں دس سس
97	Quatre-vingt-dix sept	کاتخ ویں دس سیٹ
98	Quatre-vingt-dix huit	کاتخ ویں دس ویٹ
99	Quatre-vingt-dix neuf	کاتخ ویں دس نف
100	Cent	سوں
101	Cent un	سوں آں
150	Cent cinquante	سوں سیں کانت
200	Deux cents	دو سوں
500	Cinq cent	سنک سوں
1,000	Mille	میل
10,000	Dix mille	دس میل
1-million	Un Million	آں ملی یوں
1-billion	Un Milliard	آں ملیاغ (خ)

☆☆☆

Ordinal Numbers

اہم اصول:

☆ فرانسیسی اعداد کے آخر میں صرف ième کا اضافہ کر دینے سے یہ پہلا، دوسرا، تیسرا وغیرہ وغیرہ بن جاتے ہیں۔

☆ ایسے اعداد جن کے آخر میں e آ رہا ہو ان میں سے e کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ جیسے چوتھا quatrième۔

☆ ایسے اعداد جن کا اختتام f پر ہو رہا ہو، ان کے f کو v میں بدل دیا جاتا ہے مثال کے طور پر نواں neuvième۔

☆ ایسے اعداد جن کے آخر میں q آ رہا ہو ان میں u کا اضافہ بھی کیا جاتا ہے اور پھر اس کے بعد ième لگایا جاتا ہے۔ جیسے پانچواں cinquième۔

مندرجہ ذیل ٹیبل ملاحظہ فرمائیں۔

عدد	فرانسیسی	تلفظ
1st	premier	پرے مے
2nd	deuxième	دوزی ایم
3rd	troisième	ترواززی ایم
4th	quatrième	کاتری ایم
5th	cinquième	سین کوئی ایم
6th	sixième	سیزی ایم
7th	septième	سیتی ایم
8th	huitième	وئٹی ایم

9th	neuvième	نووی ایم
10th	dixième	دیزی ایم
11th	onzième	اون زی ایم
12th	douzième	دوزی ایم
13th	treizième	ترے زی ایم
14th	quatorzième	کاتورژ زی ایم
15th	quinzième	کین زی ایم
16th	eizième	ایزی ایم
17th	dix-septième	دس سیتی ایم
18th	dix-huitième	دس وتی ایم
19th	dix-neuvième	دس نووی ایم
20th	vingtième	ویں تی ایم
30th	trentième	ترین تی ایم
40th	quarantième	کاغاں تی ایم
50th	cinquantième	سنکواں تی ایم
60th	soixantième	سواسان تی ایم
70th	soixante-dixième	سواسان دیزی ایم
80th	quatre-vingt	کاتر ویں
90th	quatre-vingt-dixième	کاتر واں دیزی ایم
100th	centième	سوں تی ایم

☆☆ ☆☆ ☆☆

Useful Vocabulary

مفید الفاظ کا خزانہ

☆☆☆

خط لکھنے اور مزید مدد حاصل کرنے کا پتہ۔ (جوابی لفافہ بھی ارسال فرمائیں)

"شیراز علی مسکراہٹ" پی او بکس نمبر 827 جی پی او۔ لاہور

سوفٹ ویئر، سی ڈیز، ڈیجیٹل ڈکشنریاں اور تلفظ کی آوازوں کیلئے اور مصنف کی دیگر تمام کتابوں کیلئے:

بذریعہ انٹرنیٹ (Internet)

ویب سائٹ: www.HelloUrdu.com

آفیشل ای میل: Sheraz@HelloUrdu.com

دیگر

E-Mail: Sheraz_Muskrahat@Yahoo.com

Sheraz.Muskrahat@Gmail.com

☆☆☆

ہوائی اڈہ (Airport)

English	French	تلفظ	معنی
airline	une compagnie aérienne	کوں پا نی اشی این	ہوائی پٹی
airplane	un avion	آویوں	ہوائی جہاز
airport	un aéroport	الغوپوغ	ہوائی اڈہ
Arrivals	les arrivées	آری وے	آمد
baggage	les bagages	باگاژ	سامان
boarding pass	la carte d'embarquement	کاغت داں باغ کے ماں	بورڈنگ پاس
cart	un chariot	شاغیو	چھکڑا
checked luggage	les bagages enregistrés	باگاژ اَں ہے ژیس تے	تصدیق شدہ سامان
customs	la douane	دوواں	کسٹمز
Departurès	les départs	دے پاغت	روانگیاں
duty-free	une boutique hors taxes	ین بوتیک اوغ تاکس	ڈیوٹی (ٹیکس) سے آزاد
early	en avance	اَں آوانس	ابتدائی
flight	un vol	وول	پرواز
gate	une porte	پوغت	دروازہ

immigration	l'immigration	لیمی گریسیوں	امیگریشن
late	en retard	اں غے تاغ	تاخیر
one-way ticket	un billet simple	اں بیے سیمپل	یک طرفہ ٹکٹ
passport	un passeport	پاسے پوغ	پاسپورٹ
plane ticket	le billet d'avion	لے بیے داویوں	جہاز کا ٹکٹ
security check	le contrôle de sécurité	کوں تغول دے سیکوغی تے	سیکیورٹی
terminal	une aérogare	انجوگاغ	ٹرمنل
visa	un visa	ویزا (ویسا)	ویزہ
to buy a ticket	acheter un billet	آشے تے اں بیے	ایک ٹکٹ خریدنا
to check bags	enregistrer (les bagages)	آں غے ژِس تے (لے باگاژ)	تھیلے چیک کرنا
to declare	déclarer	دیکلا غے	وضاحت کرنا
to land	atterrir	آتے غیغ	اترنا
to make a reservation	faire une réservation	فیغ اُن غے سیغ واسیوں	ایک بکنگ کرانا
to take off	décoller	دیکولے	اڑنا
passenger	un passager	پاساژے	مسافر
pilot	le pilote	پی لوت	پائلٹ

steward	un steward	سٹے وارڈ	منتظم
stewardess	une hôtesse de l'air	اوٹیسے دے لیئر	منتظمہ

☆☆☆

(Nationality) قومیت

Africa	Africain(e)	آفریکیں(ن)	افریقی
Algeria	Algerien(ne)	آلوجی آں(ن)	الجیرین
Asia	Asiatique	آسیاتیک	ایشیائی
Australia	Australien(ne)	اوستغالیاں(ن)	آسٹریلوی
Belgium	Belge	بےلژ	بلجیم
Brazil	Brésilien(ne)	بےزی لیاں(ن)	برازیلی
Canada	Canadien(ne)	کاناڈیاں(ن)	کینیڈین
China	Chinois(e)	شی نواز	چینی
Egypt	Égyptien(ne)	ایژیپ تیاں(ن)	مصری
England	Anglais(e)	آنگ لیس(ز)	انگریز
Europe	Européen(ne)	ایوغوپیاں(ن)	یورپی
France	Français(e)	فغاں سے	فرانسیسی
Germany	Allemand(e)	آلے ماں(د)	جرمنی کا باشندہ
India	Indien(ne)	ایں دیاں(ن)	ہندوستانی
Ireland	Irlandais(e)	ایغلاں دے(ز)	آئرلینڈ کا باشندہ

Italy	Italien(ne)	اِتالیاں(ن)	اطالوی
Japan	Japonais(e)	ژاپونیں(ز)	جاپانی
Mexico	Mexicain(e)	میکسی کیں(ن)	میکسیکو کا باشندہ
Morocco	Marocain(e)	ماروکیں(ن)	موروکو کا باشندہ
Netherlands	Néerlandais(e)	نے ارلاں دیس	ہالینڈ کا باشندہ
Poland	Polonais(e)	پولونیں(ز)	پولش
Portugal	Portugais(e)	پورتوگیس(ز)	پرتگالی
Russia	Russe	رُوس	روسی
Senegal	Sénégalais(e)	سینےگالیں(ز)	سینیگالی
Spain	Espagnol(e)	ایس پانیول	ہسپانوی
Switzerland	Suisse	سیس(سوئس)	سوئٹزرلینڈ کا باشندہ
United States	Américain(e)	امیری کیں(ن)	امریکی

☆☆☆

زبانیں(Languages)

یہاں پر مختلف ممالک میں بولے جانے والی زبانوں کے نام فرانسیسی میں دیئے جارہے ہیں۔

ملک-(C)	Language	تلفظ	زبان
Algeria	l'arabe, le français	لاراب،لفرانس سے	فرانسیسی
Australia	l'anglais	لاں گلے	انگریزی
Belgium	le flamand	فلاماں	فلیمش
Brazil	le portugais	پورتوگے	پرتگالی

	l'anglais	گلے	انگریزی
China	le chinois	شی نوا(نوا)	چینی
Egypt	l'arabe	لاعاب	عربی
England	l'anglais	لاں گلے	انگریزی
France	le français	فعاں سے	فرانسیسی
Germany	l'allemand	آلے ماں	جرمن
India	l'hindi	اندی	ہندی
Ireland	l'irlandais	ایغ لاں دے	آئرش
Italy	l'italien	ایتالیاں	اطالوی
Japan	le japonais	ژاپونے	جاپانی
Mexico	l'espagnol	ایس پانیول	ہسپانوی
Morocco	l'arabe, le français	لاعاب،	عربی فرانسیسی
Netherlands	le néerlandais	نے ایغ لاں دے	ڈچ
Poland	le polonais	پولونے	پولش
Portugal	le portugais	پورتوگے	پرتگالی
Russia	le russe	غوس	روسی
Senegal	le français	فعاں سے	فرانسیسی
Spain	l'espagnol	ایس پانیول	ہسپانوی
Switzerland	l'allemand, le français, l'italien	آلے ماں، فعاں سے ایتالیاں	جرمن، فرانسیسی، اطالوی

United States	l'anglais	لاں گلے	انگریزی

☆☆☆

کھانا کھانا

انگریزی	فرانسیسی	تلفظ	معنی
to be hungry	avoir faim	آوعار فیم	بھوکا ہونا
to eat	manger	ماں ژے	کھانا
to have breakfast	déjeuner	ڈیژونے	ناشتا کرنا
to have dinner	diner	دینے	رات کا کھانا
to be thirsty	avoir soif	آوعار سواف	پیاسا ہونا
to drink	boire	بواغ	پینا
I would like...	Je voudrais...	ژ ے وودرے	میں پسند کروں گا
to order	commander	کوماں دے	حکم دینا
meal	le repas	لے رپا	طعام
breakfast	le petit-déjeuner	لے پیتی دے ژونے	ناشتا
lunch	le déjeuner	لے دے ژونے	دوپہر کا کھانا
dinner	le dîner	لے دی نے	رات کا کھانا
snack	le goûter	لے گوتے	ہلکا ناشتا
soup	la soupe	لا سوپ	سوپ
salad	la salade	لا سالاد	سلاد
dessert	le dessert	لے دیسیغ	مٹھائی

kitchen	la cuisine	کی زین	باورچی خانہ
dining room	la salle à manger	سالا یا ماں ژے	طعام خانہ
restaurant	le restaurant	لیس تو راں	ریستوران

☆☆☆

(Restaurant)ریستوران

Have you decided? کیا آپ فیصلہ کر چکے ہیں؟

Vous avez choisi ? ووز آوے شوازی؟

☆

What would you like? آپ کیا پسند کریں گے؟

Que voudriez-vous ? کو(کے) ووُدریے ووُ۔

☆

What are you having? آپ کے پاس کیا ہے؟

Que prenez-vous ? کو پرنے ووُ؟

☆

I would like... میں...... پسند کروں گا۔

Je voudrais... ژو ووُدرے۔

☆

How much does ... cost? ...... قیمت کیا ہے؟

Combien coûte... ? کوں بیاں کوٹ......؟

☆

انگریزی	فرانسیسی	تلفظ	معنی
allergic to...	allérgique à...	الیغ ژیک آ	الرجی ہونا
diabetic	diabétique	دیابے تیک	ذیابطیس
vegetarian	végétarien / végétarienne	ویژے تا ریاں / ویژے تا ریان	سبزی خور
I can't eat...	Je ne peux pas manger...	ژے نے پو پاس ماں ژیغ	میں ...... نہیں کھا سکتا
very rare	bleu, saignant	بلو، سے نیاں	بہت رقیق
rare	rosé	غوزے	باریک
medium-rare	à point	آپواں	درمیانہ باریک
waiter	le serveur	سیغ ویغ	ملازم
waitress	la serveuse	سیغ ویز	ملازمہ
cook	le/la chef	شیف	باورچی
check/bill	l'addition (f)	لا ڈی سیوں	بل
menu	la carte	کا غت	فہرست (مینو)
tip	le pourboire	پوغ بواغ	ٹپ
tip included	service compris	سیغ ویس کوں پغی	ٹپ شامل ہونا
tip not included	service non compris	سیغ ویس نوں کوں پغی	ٹپ شامل نہ ہونا

☆☆☆

پیغامات

انگریزی	فرانسیسی	تلفظ	معنی
Watch out!	Attention !	آتاں سیوں	توجہ کیجئے!
enjoy your meal	Bon appétit !	بونا پےتی	کھانا تناول فرمائیں
no smoking	Défense de fumer	دے فاں س دے فومے	تمباکو نوشی منع ہے
no pets allowed	Les animaux sont interdits	لے زانی موس سوں تاں تیر دی	جانور (لانے کی) اجازت نہیں

☆☆☆

گوشت (Meat - La Viande)

انگریزی	فرانسیسی	تلفظ	گوشت
lamb	l'agneau	لانیو	بھیڑ کا گوشت
anchovies	les anchois	آں شوا	چھوٹی مچھلیاں
steak	le bifteck	بیف ٹیک	پسندہ
turkey	la dinde	ڈینڈ	فیل مرغ
snails	les escargots	ایس کار گو	گھونگھے
rabbit	le lapin	لاپیں	خرگوش

fish	le poisson	پواسوں	مچھلی
pork	le porc	پورک	سور کا گوشت
chicken	le poulet	پولے	مرغی
roast beef	le rosbif	روس بیف	بھنا گوشت
sausage	le saucisson	سوسیسوں	قیمہ
veal	le veau	ویو	بچھڑے کا گوشت

☆☆☆

نوٹ:

چونکہ کئی ممالک میں سور کا گوشت ایک مرغوب غذا ہے اس لیے محفل میں فرانسیسی میں اسے کیا کہا جاتا ہے درج کیا گیا ہے تاکہ آپ کو آرڈر دیتے وقت اس بات کا خیال رہے کہ آپ حرام شے تو نہیں کھا رہے۔

☆☆☆

کھانے کیلیے استعمال ہونے برتن

Dishes- Les Plats et l'argenterie

انگریزی	فرانسیسی	تلفظ	معنی
plate	une assiette	آسی ایت	پلیٹ.
bowl	un bol	بول	پیالہ
knife	un couteau	کوتو	چاقو
spoon	une cuillère	کوئی ائیر	چمچ

fork	une fourchette	فورغ شیت	کانٹا
napkin	une serviette	سیغ وی ایت	میز کا رومال
saucer	une soucoupe	سوؤ کوؤپ	طشتری
cup	une tasse	تاس	کپ
glass	un verre	ویغ	گلاس
wine glass	un verre à vin	ویغ آ وین	شراب کا گلاس
can, tin	une boite	بواٹ	کین، ٹین
bottle	une bouteille	بوؤ تیل	بوتل
box	un carton	کاغ توں	ڈبہ
jar, cup	un pot	پوت	مٹکا، کوزہ

☆☆☆

سبزیوں کے نام

(Vegetables - Les Légumes)

artichoke	un artichaut.	آغ تی شو	خرشف
asparagus	les asperges	آس پیغژ	سفید موصلی
carrot	la carotte	کاغوت	گاجر
celery	le céleri	سے لیغی	اجوائن
mushroom	le champignon	شاں پی نیوں	کلاں بارناں
cauliflower	le chou-fleur	شوؤ فلیغ	گوبھی

cucumber	le concombre	کوں کوں بخ	کھیرا
spinach	les épinards	لے ای نار	پالک
bean	un harlicot	آں نی کو	لوبیا
lettuce	la laitue	لے تو	برگ کاہو
onion	un oignon	واینوں	پیاز
corn	le maïs	مائی	اناج
peas	les petits pois	لے پتیت پوا	مٹر
potato	la pomme de terre	پوم دے تیغ	آلو
radish	le radis	غاوی	مولی
tomato	la tomate	توماٹ	ٹماٹر

(Fruit - Les Fruits)-پھل

انگریزی	فرانسیسی	تلفظ	پھل
apricot	un abricot	آں ابغی کوت	خوبانی
pineapple	un ananas	آں اناناس	اناناس
banana	une banane	بانان	کیلا
cherry	une cerise	سے غیس	چیری
lemon	un citron	سی تغوں	لیموں
lime	un citron vert	سی تغوں ویغ	کھٹا نیبو
strawberry	une fraise	فغیس	اسٹابیری
raspberry	une framboise	فغاں بواس	رس بھری

blackberry	une mûre	مورْ	کالی بیری
blueberry	une myrtille	میرتی یے	نیلی بیری
orange	une orange	اوغانژ	سنترہ
grapefruit	un pamplemousse	پاں پلے مُوس	گریپ فروٹ
watermelon	une pastèque	پاس تیک	خربوزہ
peach	une pêche	پیش	آڑو
pear	une poire	پواغ	ناشپاتی
apple	une pomme	پوم	سیب
plum	une prune	پغون	آلوچہ
grape	un raisin	ریزیں	انگور

ناشتا کیلیے

butter	le beurre	بیرغ	مکھن
cream	la crème	لغیم	ملائی (کریم)
very thick cream	la crème fraîche	لغیم فغیش	بہت گاڑھی ملائی
cheese	le fromage	فغوماژ	پنیر
cream cheese	le fromage blanc	فغوماژ بلانک	پنیر کی کریم
ice cream	la glace	گلاس	آئس کریم
milk	le lait	لے	دودھ

egg	un oeuf	اوف	انڈہ

☆☆☆

Dessert - Les Desserts - میٹھا

cookie	le biscuit	بیس کیٹ	بسکٹ
candy	les bonbons	بوں بوں	کینڈی گولی
chocolate	le chocolat	شوکولات	چاکلیٹ
custard	la créme brûlée	لا کریم برولے	کسٹرڈ
cheese	le fromage	فروماژ	پنیر
fruit	les fruits	فری	میوہ
cake	le gâteau	گاتو	کیک
ice cream	la glace	گلاس	آئس کریم
pie	la tarte	تارت	سموسہ
vanilla	la vanille	وانی	ونیلا

☆☆☆

کھانے اور مصالحے

jam	la confiture	کون فی ٹوغ	جام
fries, chips	les frites	لفریت	چپس
mustard	la moutarde	موتارد	سرسوں
bread	le pain	پیں	روٹی
toast	le pain grillé	پیں گری اے	ٹوسٹ
pepper	le poivre	پواوغ	مرچ
rice	le riz	ریز	چاول
sauce	la sauce	سوس	چٹنی، اچار
salt	le sel	سیل	نمک
sugar	le sucre	سوکغ	چینی

☆☆☆

(Drinks - Les Boissons) مشروبات

